آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 24 اکتوبر 2020ء بمطابق 06 ربیع الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 288

کوئٹہ مساجد با جماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

بلوچستان میں زرعی ترقی کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، صدر علوی

بلوچستان میں زراعت، مالداری اور فشریز میں ترقی کے بے پناہ مواقع موجود ہیں ان شعبوں کی ترقی کیلئے درست سمت میں اقدامات کی ضرورت ہے. دستیاب آبی وسائل کا درست اور محتاط استعمال پائیدار زرعی ترقی میں معاون ثابت ہوسکتی ہے

بلوچستان کے زرعی مستقبل کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے. ان مقاصد کے حصول کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے'اس وقت چین سمیت پوری دنیا میں حلال گوشت کی مانگ ہے

بلوچستان میں زرعی ترقی کے بے پناہ مواقع موجود ہیں جسے بہتر حکمت عملی سے بروئے کار لانے کی ضرورت ہے. صوبے میں کراپس ایڈیٹی فکیشن کیلئے سپارکو سے قریبی رابطہ کاری قائم کرکے جدید تکنیک سے فائدہ اٹھایا جائے، صدر مملکت

کوئٹہ (خ ن) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں زرعی ترقی کے بے پناہ مواقع موجود ہیں جسے بہتر حکمت عملی سے بروئے کار لانے کی ضرورت ہے. صوبے میں کراپس ایڈیٹی فکیشن کیلئے سپارکو سے قریبی رابطہ کاری قائم کرکے جدید تکنیک سے فائدہ اٹھایا جائے. ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں زرعی ترقی وتوسیع سے متعلق منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی، وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ فخر امام، صوبائی وزراء میر سلیم خان کھوسو، نور محمد دومڑ، چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ فضیل

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ' صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو چیف سیکرٹری فضیل اصغر بلوچستان میں زرعی ترقی کے مواقعوں کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

بلوچستان کی زمین کا ایک انچ بھی کسی کو نہیں دیا گیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

اپوزیشن کو جزائر کے معاملات میں بلوچستان کو غیر ضروری طور پر نہیں گھسیٹنا چاہیے، کوئٹہ میں ارلی چائلڈ کیئر کا منصوبہ شروع کرنے کے بعد بی ایم سی میں امراض قلب کے ہسپتال کی تعمیر کا کام شروع کردیا گیا ہے

اپوزیشن رہنماؤں کا رویہ غیر سنجیدہ ہے کیا اپوزیشن رہنما کورونا وائرس پھیلانے والے جلسوں میں اپنے خاندانوں اور عزیز واقارب کو متاثر کرنے کے لئے لائیں گے یا نہیں، ہمیں ملک کی ترقی کیلئے سوچ تبدیل کرنے کی ضرورت ہے

صوبائی حکومت پولیو کے تدارک کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے اور پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے پوری طرح سے پرعزم ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ اپوزیشن کو جزائر کے معاملات میں بلوچستان کو غیر ضروری طور پر نہیں گھسیٹنا چاہیے صوبے کی زمین کا ایک انچ بھی کسی کو نہیں دیا گیا، اپوزیشن رہنماؤں کا رویہ غیر سنجیدہ ہے کیا اپوزیشن رہنما کورونا وائرس پھیلانے والے جلسوں میں اپنے خاندانوں اور عزیز واقارب کو متاثر کرنے کے لئے لائیں گے یا نہیں، ہمیں ملک کی ترقی کیلئے سوچ تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، صوبائی حکومت بی ایم سی میں امراض قلب کا ہسپتال بنارہی ہے، یہ بات انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہی، وزیراعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ اپوزیشن غیر ضروری طور پر بلوچستان کو آئی لینڈ اتھارٹی کے معاملے میں نہ گھسیٹے بلوچستان کی ایک انچ بھی کسی کو نہیں دی گئی صوبے میں ایک ہی جزیرہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم ملک میں اداروں کو آپس میں لڑانا چاہتی ہے، نور محمد دمڑ

ملک میں 40 سالوں سے برسر اقتدار رہنے والے جماعتیں ملک میں کونسی جمہوریت کو بچانے کیلئے نکلے ہے صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، دواسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ملک میں 40 سالوں سے برسر اقتدار رہنے والے جماعتیں ملک میں کونسی جمہوریت کو بچانے کیلئے نکلے ہے پی ڈی ایم میں شامل بعض جماعتوں نے ہمیشہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

دشت میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) دشت میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو دشت میں میر

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف آج (ہفتہ) کو دوروزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف آج (ہفتہ) کو دو روزہ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹرز نے ایک سال کے دوران 8 ہزار سے زائد حادثات میں 8 ہزار سے زائد زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی قومی شاہراہ پر حادثات کے دوران طبی امداد فراہم کرنے والے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

شاہرگ میں کوئلہ کانوں پر کام کرنے والے مزدوروں کی گاڑی بارودی سرنگ سے ٹکرانے سے 3 افراد شدید زخمی

کوئٹہ (این این آئی) ضلع ہرنائی کے علاقے میں سڑک کنارے نصب بارودی سرنگ کے دھماکے سے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

اسپیکر نے اسمبلی مفلوج کردی، دباؤ ہے تو کرسی چھوڑ دیں، شاہد خاقان

صوابی (این این آئی) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیراعظم پاکستان ان اوباشوں سے آپ کا پاکستان پاک کرکے ہی دم لیں گے، وفاقی وزیر

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے مزار قائد کی بے حرمتی سے متعلق اپنے بیان میں ہی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پاکستان کا پہلا نیٹ فلکس کی طرز کا ورژن لانچ ہونے جارہا ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے خوشخبری سنائی ہے

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد پی ڈی ایم کے ایجنڈے کے ساتھ پیپلز پارٹی نہیں چلے گی، شیخ رشید احمد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ 31 دسمبر تک چھینا اور آنے کی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

خواتین میں بریسٹ کینسر ایک سنجیدہ مسئلہ ہے' ثمینہ عارف علوی

ضروری ہے کہ اس سے متعلق آگہی کو صرف اکتوبر کے مہینے تک ہی محدود نہ رکھا جائے بلکہ مسلسل خواتین اور بچیوں کو اس مرض کے بارے میں شعور دیتے رہیں، خاتون اول

کوئٹہ (این این آئی) خاتون اول ڈاکٹر ثمینہ عارف علوی نے کہا ہے کہ خواتین میں بریسٹ کینسر ایک سنجیدہ مسئلہ ہے اگر اسکی بروقت تشخیص ہوجائے تو اس مرض کی سنجیدگیوں سے بچا جاسکتا ہے ضروری ہے کہ اس سے متعلق آگہی کو صرف اکتوبر کے مہینے تک ہی محدود نہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

فرانس سمیت بہت سے ممالک میں صورتحال ایک بار پھر تشویشناک ہورہی ہے، صدر مملکت

پاکستان میں کورونا وائرس کے دوبارہ پھیلاؤ کی صورتحال تشویشناک نہیں تاہم حد درجہ احتیاط برتنے کی ضرورت ہے' عارف علوی

کوئٹہ (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ پاکستان میں کورونا وائرس کے دوبارہ پھیلاؤ کی صورتحال تشویش ناک نہیں تاہم حد درجہ احتیاط برتنے کی ضرورت ہے. فرانس سمیت بہت سے ممالک میں صورتحال ایک بار پھر تشویشناک ہورہی ہے. ان

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی لائیو اسٹاک سیکٹر میں سرمایہ کاری کے جو پرائیویٹ اور جوائنٹ وینچر سے مزید وسعت دیا جاسکتا ہے، مٹھا خان کاکڑ

لاہور (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ وماحولیات مٹھا خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کی لائیو اسٹاک سیکٹر میں سرمایہ کاری کے جو پرائیویٹ اور جوائنٹ وینچر سے مزید وسعت دیا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر برائے لائیو اسٹاک پنجاب حسنین دریشک سے ملاقات میں کیا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے ڈی جی لیویز مجیب قمبرانی ملاقات کررہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کی خصوصی دلچسپی سے ضلع گوادر میں آبنوشی کی فراہمی کیلئے شنزانی ڈیم کا تعمیراتی کام تیزی سے جاری

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کی خصوصی دلچسپی سے ضلع گوادر میں آبنوشی کی فراہمی کیلئے شنزانی ڈیم کا تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے سرکاری ذرائع کے مطابق 500 ملین کی لاگت سے منصوبے پر نئے مالی سال کے دوران شفاف طریقے سے ٹینڈر ہونے کے بعد ورک آرڈر جاری کئے جاچکے ہیں تعمیراتی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد' وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

اپوزیشن مجھ سے این آر او حاصل کرنے کیلئے فوج اور عدلیہ پر دباؤ ڈال رہی ہے، وزیر اعظم

اپوزیشن والے پہلے میرے پیچھے پڑے تھے اب فوج کے پیچھے پڑ گئے ہیں برٹش ورجن کے مطابق برطانیہ میں ان کی چاروں فلیٹس کی مالکن مریم نواز ہیں

آئی جی سندھ کے اغوا کا سن کر مجھے ہنسی آئی ہے، قوم سے کہتا ہوں، یہ سارے لوگ دشمن ایلی سے پوری طرح ملے ہوئے ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ نواز شریف اور اپوزیشن کے سارے لوگ دشمن قوتوں سے ملے ہوئے ہیں اور جلسوں کے ذریعے فوج اور عدلیہ پر دباؤ ڈال رہے ہیں تاکہ وہ مجھ سے انہیں این آر او دینے کو کہیں، اپوزیشن والے پہلے میرے پیچھے پڑے تھے اب فوج کے پیچھے پڑ گئے ہیں، برٹش ورجن کے مطابق برطانیہ میں ان کی چاروں فلیٹس کی مالکن مریم نواز ہیں، اس پر کوئی جواب نہیں آیا، میرے پارٹی کے لوگ بھی گھبرا جاتے ہیں کہ جلسہ ہوگیا، جلسہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان ٹریفک حادثات، 5 افراد جاں بحق 10 زخمی

پنجگور سے گوارگو جانے والی لوکل پک گاڑی کی مخالف سمت سے آنے والی دوہزار گاڑی سے ٹکرانے کے نتیجے میں دس افراد زخمی ہوگئے

رات گئے خضدار کے علاقہ کراڑو میں پیش آیا، جائے وقوعہ پر قیامت صغریٰ کا منظر، بدقسمت صوبہ بلوچستان میں یہ حادثات معمول کا حصہ بن گئے

خضدار + پنجگور (این این آئی + نامہ نگار) خضدار میں انتہائی افسوسناک واقعہ، مسافر کوچ میں آگ لگنے سے ماں اپنی چار کمسن بچوں سمیت جاں بحق ہوگئیں، واقعہ رات گئے خضدار کے علاقہ کراڑو میں پیش آیا، جائے وقوعہ پر قیامت صغریٰ کا منظر، بدقسمت صوبہ بلوچستان میں یہ حادثات معمول کا حصہ بن گئے تفصیلات کے مطابق خضدار سے ڈیڑھ سو کلو میٹر دور کراڑو تحصیل اورناچ کے حدود میں قومی شاہراہ پر کراچی سے کوئٹہ جانے والی جمشید کمپنی کے مسافر کوچ میں گاڑی تاروں کے ذریعے آگ لگ گئی جس نے گاڑی کو اپنی لپیٹ میں لے لی جس کے نتیجے میں خاتون گلدستہ زوجہ فتح خان عمر

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

دستیاب وسائل بروکار لاتے ہوئے اقدامات کررہے ہیں، نوابزادہ میر طارق خان مگسی

عوامی مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہیں، عوامی مفاد عزیز ہے اس سلسلے میں کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، صوبائی وزیر

گنداواہ (این این آئی) صوبائی وزیر ایریگیشن نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے کہا ہے کہ دستیاب وسائل بروکار لاتے ہوئے اقدامات کررہے ہیں ہمیں عوام کا مفاد عزیز ہے اس سلسلے میں کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا عوامی مسائل کے حل کے لیے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

دہشتگردی کے واقعات کے خدشات موجود ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

سکیورٹی تھریٹ کے بعد صوبائی حکومت کی پریشانی مین اضافہ ہوا ہے صوبائی حکومت کا اپوزیشن کے جلسے کے حوالے سے بوجھ بڑھ گیا ہے

پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) نیکٹا کی جانب سے جاری تھریٹ الرٹ کو سنجیدہ لے کر کوئٹہ کا جلسہ ملتوی کرے، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے واقعات کے خدشات موجود ہیں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) نیکٹا کی جانب سے جاری تھریٹ الرٹ کو سنجیدہ لے کر کوئٹہ کا جلسہ ملتوی کرے دہشت گردی کا خطرہ ٹل جائے تو پی ڈی ایم پھر جلسے کا منصوبہ بنائے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو آفیسر کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی تھریٹ کے بعد صوبائی حکومت کی پریشانی مین اضافہ ہوا ہے صوبائی حکومت کا اپوزیشن کے جلسے کے حوالے سے بوجھ بڑھ گیا ہے بلوچستان حکومت سنجیدگی سے دیکھ رہی ہے گزشتہ روز قمر دین کاریز میں تخریب کاری کا منصوبہ ناکام بنایا گیا اپوزیشن میں بہت ذمہ دار لوگ شامل ہیں انہیں بھی سکیورٹی تھریٹ کو سنجیدگی سے لینا ہوگا اس ساری صورتحال میں پی ڈی ایم کی قیادت سے گزارش ہے کہ وہ اپنا جلسہ ملتوی کردیں نیکٹا الرٹ کے باوجود ہم جلسے کے شرکا کو سیکورٹی فراہم کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ پی ڈی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

احتجاج کرنا اپوزیشن کا حق ہے، وہ ملک دشمن بیانیے کو تو فروغ نہ دیں، غلام سرور خان

ملک سے پسماندگی اور غربت کے خاتمے کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، وفاقی وزیر کا تقریب سے خطاب

ٹیکسلا (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ہوابازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ احتجاج کرنا اپوزیشن کا حق ہے، وہ ملک دشمن بیانیے کو تو فروغ نہ دیں، پی ڈی ایم کا ایجنڈا ملک میں انتشار پھیلانا اور پاک فوج سے بغض ہے، سب سے بڑی برائی پی ڈی ایم ہے اللہ ہم سب کو بچائے، ملک سے پسماندگی اور غربت کے خاتمے کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ جمعہ کو وفاقی وزیر نے موضع ساگرہ ٹیکسلا میں 5 کروڑ 80 لاکھ روپے کی لاگت سیعلا تے کے لئے گیس کی فراہمی کے منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایم این اے منصور حیات خان اور ایم پی اے عمار مسعود موجود تھے۔ اس گیس کی فراہمی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک میں حکومتیں گرائی بھی جاتی ہیں اور بنائی بھی جاتی ہیں، سردار اختر مینگل

پاکستان جمہوری تحریک کا مقصد حکومت گرانا نہیں بلکہ حکومتی نااہلیوں کو عوام کے سامنے لانا ہے، عدم اعتماد غیر قانونی وغیر آئینی نہیں تاہم اگر ہارس ٹریڈنگ نہ ہو

بدقسمتی سے ہارس ٹریڈنگ ایک جراثیم جو کورونا وائرس کی طرح سینیٹ تک پھیل گئی ہے، ملک میں کوئی حکومت نہیں جس پر دھاندلی کا الزام نہ لگا ہو، سربراہ بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ ملک میں حکومتیں گرائی بھی جاتی ہیں اور بنائی بھی جاتی ہیں لیکن پاکستان جمہوری تحریک کا مقصد حکومت گرانا نہیں بلکہ حکومتی نااہلیوں کو عوام کے سامنے لانا ہے، عدم اعتماد غیر قانونی وغیر آئینی نہیں تاہم اگر ہارس ٹریڈنگ نہ ہو بدقسمتی سے ہارس ٹریڈنگ ایک جراثیم جو کورونا وائرس کی طرح سینیٹ تک پھیل گئی ہے، ملک میں کوئی حکومت نہیں جس پر دھاندلی کا الزام نہ لگا ہو، بی این پی کے 6 نکات پیپلز پارٹی کے سامنے رکھیں لیکن انہوں نے بے بسی کا اظہار کیا، لگتا ہے کہ ملک کے ایوانوں اور وزیراعظم ہاؤس کی دیواریں اور ماحول ایسا ہے جہاں لوگ ماضی کو بھول جاتے ہیں عمران خان اقتدار میں آنے کے بعد بدل گئے، ہم نے بلوچستان میں 70 سالہ نفرت مایوسی اور بدامنی کے خاتمے کیلئے وفاقی حکومت کو ایک راستہ دکھایا تھا لیکن عملی کام نہیں ہوسکا، عوام عملی کام پر یقین رکھتی ہے فلاسفی یا افلاطون کے تھیوریز پر نہیں

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

عمران خان اداروں اور صوبوں کو تباہ کررہا ہے، مزید معاشی بدحالی نہیں دیکھ سکتے، بلاول بھٹو زرداری

شہید ذوالفقار علی بھٹو اور بی بی شہید نے آپ سے متعلق جو خواب دیکھا تھا اُسے ہم پورا کریں گے

گلگت بلتستان کے عوام اور پیپلز پارٹی کا رشتہ اعتماد اور بھروسے کی بنیاد پر قائم ہے، اجتماع سے خطاب

گاہکچ (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عمران خان اداروں اور صوبوں کو تباہ کررہا ہے، مزید معاشی بدحالی نہیں دیکھ سکتے، گلگت بلتستان کے عوام اور پیپلز پارٹی کا رشتہ اعتماد اور بھروسے کی بنیاد پر قائم ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو اور بی بی شہید نے آپ سے متعلق جو خواب دیکھا تھا اُسے ہم پورا کریں گے۔ جمعہ کو بلغار اور کریس میں پارٹی ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتخابی مہم ہی نہیں بلکہ آپ کے حقوق کی مہم ہے۔ اس مہم کو کامیاب

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پاکستان جمہوری تحریک کے زیر اہتمام جلسہ عام کل ایوب اسٹیڈیم میں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان جمہوری تحریک کے زیر اہتمام جلسہ عام کل ایوب اسٹیڈیم میں ہوگا اس سلسلہ میں تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کی جانب سے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں سیاسی جماعتوں کے پرچم' سائن بورڈز پر بینرز آویزاں اور استقبالیہ کیمپس قائم کردیئے گئے بلکہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمن پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کے لئے بلوچستان پہنچ گئے آج کوئٹہ پہنچیں گے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ اور جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کے لئے بلوچستان پہنچ گئے آج کوئٹہ پہنچیں گے تفصیلات کے مطابق پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ اور جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

اگر عمران خان منتخب وزیراعظم ہیں تو ڈرتے اور کابینہ پریشان کیوں ہے، مولانا عبدالغفور حیدری

پارلیمنٹ کی موجودگی کے باوجود صدر ہاؤس سے جزائر سے متعلق آرڈیننس 18 ویں ترمیم کی خلاف ورزی ہے

سلیکٹڈ حکومت سول وریاستی اداروں میں چھائی کررہی ہے، کوئی شعبہ نہیں جس سے وابستہ لوگ سراپا احتجاج نہ ہو، سینیٹر

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ اگر عمران خان منتخب وزیراعظم ہیں تو ڈرتے اور کابینہ پریشان کیوں ہے، پارلیمنٹ کی موجودگی کے باوجود صدر ہاؤس سے جزائر سے متعلق آرڈیننس 18 ویں ترمیم کی خلاف ورزی ہے، آئی جی سندھ کے واقعہ میں وفاق ایک ملزم اور ملزم کی جانب سے تحقیقات کو تسلیم نہیں کریگے، سلیکٹڈ حکومت سول وریاستی اداروں میں چھائی کررہی ہے، کوئی شعبہ نہیں جس سے وابستہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کوئٹہ' خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی بریسٹ کینسر سے متعلق منعقدہ آگاہی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

صوبے کی عوام باشعور ہیں پرفریب نعروں میں آنے والے نہیں ہیں، ضیاء لانگو

صوبے کی عوام باشعور ہیں اور پرفریب نعروں میں آنے والے نہیں ہیں، تنقید کے بجائے عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے ان کو جامع حکمت عملی اور جامع پلان دینا چاہیے

تنقید کے بجائے عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے ان کو جامع حکمت عملی اور جامع پلان دینا چاہیے جو ان کے بس کی بات نہیں، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کو تنقید کا نشانہ بنانے والے اپنے دور اقتدار میں عوامی مسائل سے لاعلم تھے جب عوام نے وزیر اعلیٰ جام کمال خان کو انتخابات میں کامیاب کرکے اقتدار کا موقع دیا تو عوام کے مسائل حل ہونے لگے لیکن اب یہ بے جا تنقید سے وزیر اعلیٰ کو جی حضوری کا طعنہ دے رہے ہیں، ان کے اپنے دور اقتدار میں صوبے میں کیا حالات تھے تو جوان لاپتہ ہوتے تھے تو یہ خود بھی لاعلم ولاپتہ ہوجاتے تھے، وزیر داخلہ نے کہا کہ صوبے کی عوام باشعور ہیں اور پرفریب نعروں میں آنے والے نہیں ہیں، تنقید کے بجائے عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے ان کو جامع حکمت عملی اور جامع پلان دینا چاہیے جو ان کے بس کی بات نہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے عوام کی ترقی و

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیس کا تحریری فیصلہ، پیپلز پارٹی نے صدر مملکت عارف علوی کو متنازعہ قرار دے دیا

سپریم کورٹ کا تفصیلی فیصلہ صدر عارف علوی کے کردار پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے، نفیسہ شاہ

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیس کا تحریری فیصلہ، پاکستان پیپلز پارٹی نے صدر مملکت عارف علوی کو متنازعہ قرار دے دیا۔ اپنے بیان میں نفیسہ شاہ نے کہا کہ سپریم کورٹ کا تفصیلی فیصلہ صدر عارف علوی کے کردار پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے، عارف علوی نے ڈلفیکشن لیتے ہوئے اپنے صوابدیدی اختیارات سے تجاوز کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیصلے کے مطابق صدر مملکت کے مستقبل کے فیصلے اور ممکنہ ریفرنس مشکوک قرار پائے جائیں گے، سپریم کورٹ کے تفصیلی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

حکومت نے جلسوں کی اجازت دیکر جمہوریت پسندی کا ثبوت دیا، اسرار ترین

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ایک دن ضرور پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا' ہمارے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں

حکومت اپنی آئینی مدت ضرور پورا کریگی پی ڈی ایم کی تحریک صرف شو کرکے اپنی شوک ضرور پورا کرے، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی سردار اسرار ترین نے کہا ہے کہ حکومت اپنی آئینی مدت ضرور پورا کریگی پی ڈی ایم کی تحریک صرف شوز کرکے اپنی شوک ضرور پورا کرے حکومت نے جلسوں کی اجازت دیکر جمہوریت پسندی کا ثبوت دیا انہوں نے کہا کہ جلسوں سے حکومتوں کو کسی صورت نہیں گرایا جاسکتا پی ڈی ایم کسی اور کے ایجنڈے پر کام کرکے ایک منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش کررہی ہے لیکن عوام موجودہ حکومت کا بھر پور ساتھ دیگی انہوں نے کہا کہ پچیس اکتوبر کو کوئٹہ کا جلسہ منسوخ کیا جائے پہلے ہی حکومت نے جلسے والی تھریڈ سے اپوزیشن جماعتوں کے قائدین کو آگاہ کردیا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اور صوبے بھی اس بات پر غور کررہے ہیں کہ ہم بھی جوابی جلسوں کا اہتمام

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

حکومت افواہیں پھیلنے سے گریز کرے پی ڈی ایم کے جلسے کو کوئی بھی ناکام نہیں بناسکتا' علی مدد جتک

عمران خان اور حکومتی ترجمانوں کی نوکریاں کوئٹہ کے جلسے کے بعد ختم ہوجائیں گی، صدر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ حکومت افواہیں پھیلنے سے گریز کرے پی ڈی ایم کے جلسے کو کوئی بھی ناکام نہیں بناسکتا عمران خان اور حکومتی ترجمانوں کی نوکریاں کوئٹہ کے جلسے کے بعد ختم ہوجائیں گی عمران خان کہتے تھے کہ 500 لوگ بھی نکل آئے تو میں استعفیٰ دیدوں گا انہیں چاہیے کہ وہ اخلاقی طور پر مستعفی ہوجائیں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو چیئرمین ورڈگ قومی اتحاد ولی محمد ورڈگ کی ساتھیوں سمیت پیپلز

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم جلسہ، کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے سول ہسپتال کوئٹہ میں ایمرجنسی نافذ

کوئٹہ (این این آئی) پی ڈی ایم کے کوئٹہ کے جلسے کے پیش نظر کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لئے سول ہسپتال کوئٹہ میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہنگامی حالت میں ڈاکٹر، عملہ، آپریشن تھیٹرز، ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت، جمعہ کو ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پولیس والوں کی آئی جی کے اغوا ہونے کی بات جھوٹی ہے، کراچی میں دروازوں پر ٹھوکریں ماری گئیں وہ مضبوط پاؤں والوں کی تھیں' کیپٹن (ر) صفدر

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن (ر) محمد صفدر نے کہا ہے کہ 25 اکتوبر کو نواز شریف جلسے سے خطاب کرینگے یا نہیں اس کا فیصلہ ہونا باقی ہے، ابھی تو لوگ نواز شریف کی گوجرانوالہ جلسے کی تقریر کے خمار سے نہیں نکلے، مادر ملت کو شکست دینے والی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے' نیشنل پارٹی لائرز فورم

سلیکٹڈ حکمرانوں کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں اداروں میں میرٹ نہ ہونے سے ادارے تباہی کی طرف گامزن ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی لائرز فورم کے جاری ایک بیان میں کہا کہ 25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کا جلسہ جمہوریت کی بحالی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا بیان میں کہا کہ موجودہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے مہنگائی کرپشن اقربا پروری عروج پر ہے سلیکٹڈ حکمرانوں کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں اداروں میں میرٹ نہ ہونے سے ادارے تباہی کی طرف گامزن ہیں ملک بھر کے سیاسی جماعتوں کا پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے جدوجہد خوش آئند ہے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

تاجر آپس میں اتحاد قائم کرکے تمام مسائل سے چھٹکارا حاصل کرسکتے ہیں، رحیم آغا

ہم پر سرکار کے خوش آمد پسند تاجر لیڈر مسلط رہے تو ہم یوں ہی خوار زار رہیں گے اور کرپٹ لوگ ہمارے سروں پر سودا بازی کریگے' بیان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین آل موٹر سائیکل سپیئر پارٹس اینڈ مکینک ایسوسی ایشن کے صدر محمد جان آغا درویش نے کہا ہے کہ تاجر آپس میں اتحاد قائم کرکے تمام مسائل سے چھٹکارا حاصل کرسکتے ہیں اور اگر ہم متحد نہ ہوئے اور ہم پر سرکار کے خوش آمد پسند تاجر لیڈر مسلط رہے تو ہم یوں ہی خوار زار رہیں گے اور کرپٹ لوگ ہمارے سروں پر سودا بازی کریگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل موٹر سائیکل

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں تعلیم کو فروغ دینے کیلئے اقدامات کررہے ہیں، سردار یار محمد رند

محکمہ تعلیم کو ایک بہتر راہ پر گامزن کیا جارہا ہے اور اساتذہ محنت لگا کر مستقبل کے معماروں کو سنواریں کیونکہ یہ بچے کل کے معمار ہیں

اسکولوں میں ایس او پیز پر عملدرآمد کا جائے غیر حاضری کسی صورت میں برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں تعلیم کو فروغ دینے کے لیے موثر طور پر اقدامات کررہے ہیں۔ اسکولوں میں ایس او پیز پر عملدرآمد کا جائے غیر حاضری کسی صورت میں برداشت نہیں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیکوئٹہ میں گنداواہ کے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم کو ایک بہتر راہ پر گامزن کیا جارہا ہے اور اساتذہ محنت لگا کر مستقبل کے معماروں کو سنواریں کیونکہ یہ بچے کل کے معمار ہیں. انھوں نے کہا کہ ملازمین کی غیر حاضری کسی صورت میں برداشت نہیں کی جائے گی غیر حاضر اساتذہ اور عملہ کے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

بدترین کارکردگی، غفلت وکوتاہی کی وجہ سے حکومت واپوزیشن عوامی ردعمل سے حواس باختہ ہوگئی ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ بدترین کارکردگی، غفلت وکوتاہی کی وجہ سے حکومت واپوزیشن عوامی ردعمل سے حواس باختہ ہوگئی ہے۔ بے روزگاری بدعنوانی سابقہ وموجودہ حکمرانوں کے تحفے ہیں۔ عوامی جمہوری حکومت نہ ہونے کی وجہ سے مسائل میں اضافہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

صوبائی وزراء سردار محمد صالح بھوتانی اور سردار عبدالرحمن کھیتران وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری زاہد سلیم سے ملاقات کررہے ہیں

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے نوابزادہ طارق مگسی اور ممبر صوبائی اسمبلی ضابطہ علی ریکی ملاقات کررہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

24 اکتوبر 2020ء

بلوچستان میں مجموعی شرح تعلیم 40 فیصد

بلوچستان میں مجموعی شرح تعلیم 40 فیصد جس میں مردوں کی شرح 54 جبکہ خواتین کی شرح 24 فیصد ہے۔ پاکستان سوشل اینڈ لیونگ سٹینڈرز میورمنٹ (پی ایس ایل ایم) کے 2018-19 کے سروے کے مطابق بلوچستان میں مجموعی شرح تعلیم صرف 40 فیصد ہے جو ملک میں سب سے کم ہے۔ ان میں مردوں کی شرح 54 فیصد جبکہ خواندہ خواتین کی شرح صرف 24 فیصد ہے۔ اسی سروے کے مطابق پاکستان میں 5 سے 16 سال کی عمر کے ایسے بچوں کی شرح 30 فیصد ہے جو سکولوں سے باہر ہے تاہم بلوچستان میں یہ شرح سب سے زیادہ 59 فیصد ہے۔ ایک سرکاری اندازے کے مطابق بلوچستان کے سکول سے باہر بچوں کی تعداد تقریباً 25 لاکھ ہے جن میں 67 فیصد تعداد لڑکیوں کی ہے۔ بلوچستان میں صرف نو فیصد لڑکیاں میٹرک تک تعلیم حاصل کر پاتی ہیں۔ خواتین کے حقوق کے لیے کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیم عورت فاؤنڈیشن کے کوئٹہ میں ریذیڈنٹ ڈائریکٹر علاالدین خلجی کے مطابق صوبے میں خواتین کی شرح خواندگی کی کمی کی وجہ فرسودہ روایات، شعور کی کمی، سرکاری طور پر سہولیات کی عدم فراہمی ہے مگر حال ہی میں یونیورسٹی آف بلوچستان میں طالبات کو ہراساں کرنے کے واقعات نے خواتین کی تعلیم پر مزید منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ ان واقعات کے بعد لوگوں نے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم لڑکیوں کو بھی نکال کر گھر بٹھا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو دور دراز کے علاقوں میں انفراسٹرکچر اور تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ والدین کے اعتماد کو بھی بحال کرنا ہوگا۔

مہنگائی میں ہوشربا اضافہ اور غریب عوام

پاکستان میں مہنگائی کی شرح دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ مہنگائی کے ساتھ ساتھ ٹیکسوں کی شرح میں

حاجی محمد لطیف کھوکھر

اضافہ کی وجہ سے عوام مشکلات کا شکار ہو رہی ہے۔ دن بدن ضروری اشیاؤں کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ لوگ اپنے گھریلو بجٹ کو اپنی تنخواہ کے اندر پورا نہیں کر پاتے۔ وہ اپنی ضروریات تک پوری نہیں کر سکتے۔ جو لوگ دس سے پندرہ ہزار کماتے ہیں اور کرایے کے گھر میں رہتے ہوں تو وہ غریب کیسے اپنی ضروریات پوری کر سکیں گے۔ مہنگائی نے غریب عوام کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔ بہت سارے لوگ غربت اور بیروزگاری سے تنگ آ کر خودکشی کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ اس شرمندگی سے کہ وہ اپنے بچوں کا پیٹ کیسے پالیں گے۔

موجودہ پر آشوب حالات میں دل کو تسلی اس بات کی ہے ہمارے وزیر اعظم صاحب کو غریب آدمی کی مشکلات کا احساس تو ہے۔ اسی احساس کے مدنظر غربت اور مہنگائی کو کم کرنے کے لیے احساس کفالت پروگرام شروع کیا گیا، احساس لنگر پروگرام کا دائرہ مزید وسیع بڑھایا۔ غریبوں میں مرغیاں تقسیم ہوئیں، مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے ٹائیگر فورس کو ذمہ داری سونپی گئی۔ مگر سوال یہ ہے کہ مذکورہ حکومتی اقدامات کے باوجود مہنگائی کم کیوں نہیں ہو رہی؟۔ ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، پٹرول کے بے قابو ہوتے نرخ، اشیائے خوردونوش کی بدستور قلت، شہر میں آٹا نایاب، چینی پہنچ سے باہر، بجلی کے بڑھتے بل۔ درحقیقت تبدیلی سرکار نے عوام کو مہنگائی کے عذاب میں مبتلا کر دیا ہے جبکہ مہنگائی کی حالیہ لہر کے بعد سے حکومتی وزراء خاموش ہیں۔

جب سبزیوں، پھلوں اور چکن کی قیمتیں کم تھیں تو حکومتی وزراء کم قیمتوں کا کریڈٹ لیتے تھکتے نہیں تھے مگر جیسے ہی مہنگائی کے اژدھے نے سر اٹھایا ہے تو حکومتی وزراء خاموش نظر آتے ہیں۔ پاکستان کے محنت کش عوام کو امید تھی کہ تحریک انصاف کی حکومت قائم ہونے کے بعد معاملات بہتر ہو جائیں گے۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی ہو جائے گی۔ کیونکہ ہمیں تحریک انصاف کی قیادت نے بتایا تھا کہ ملک میں مہنگائی اس لیے ہے کیونکہ ملک میں کرپشن بہت زیادہ ہے۔ جیسے ہی ایماندار، دیانتدار اور بدعنوانی سے پاک حکومت وجود میں آئے گی تو مہنگائی کم ہو جائے گی۔ اب تو تحریک انصاف کی کرپشن فری حکومت میں مہنگائی میں کمی کی بجائے مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومت اس وقت تک مہنگائی کو روکنے کی سنجیدہ کوشش کرتی نظر نہیں آئے گی جب تک وہ یہ تسلیم نہیں کر لیتی کہ ملک میں غریب عوام واقعی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں اب تک تو شاید حکومت یہ ماننے کو تیار نہیں ہے کہ ملک میں مہنگائی ہے اور غریب عوام کو براہ راست متاثر کر رہی ہے۔

خوراک، ادویات، مکانات کے کرائے۔ علاج، تعلیم، ٹرانسپورٹ کے کرائے، بجلی، گیس، اور پٹرول کے نرخ سب بڑھ چکے ہیں۔ ایک عام پاکستانی کو جسم اور روح کا رشتہ برقرار رکھنے کے لیے پہلے سے زیادہ پیسوں کی ضرورت ہے۔ مہنگائی میں اضافے نے لوگوں کی قوت مزید پہلے سے بھی کم کر دی ہے۔ غریب عوام کی زندگی پہلے سے بھی زیادہ اجیرن ہو چکی ہے۔ حکومت کو اب تک سمجھ آ جانی چاہیے کہ عام لوگوں کے مسائل کو کم کرنے اور ان کی معاشی مشکلات میں کمی کے لیے صرف اچھے جذبات اور نیک نیت ہی کافی نہیں ہوتی بلکہ پالیسیاں بھی درکار ہوتی ہیں۔ تحریک انصاف کی تبدیلی کا خمیازہ قوم بھگت رہی ہے۔

عوام کو ریلیف، ملک سے کرپشن کا خاتمہ اور چوروں لٹیروں سے لوٹی ہوئی دولت واپس لانے سمیت تحریک انصاف کے تمام وعدے جھوٹے ثابت ہوئے ہیں۔ ایک طرف ملک میں معاشی بدحالی کے ڈیرے ہیں، تو دوسری جانب ہر گزرتے دن کیساتھ روپے کی قدر میں کمی، بجلی، گیس سمیت اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کے سبب ہونے والی مہنگائی سے غریب اور متوسط طبقے کا جینا دوبھر ہو کر رہ گیا ہے۔ زرعی اجزاء، کھاد کی قیمتوں میں اضافے نے کسانوں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، صوبوں کے وسائل روک کر انسانی ترقی کو تباہی سے دوچار کر دیا گیا ہے۔ اس وقت آبادی کا چالیس فیصد سے زائد حصہ خط غربت سے نیچے زندگی بسر کر رہا ہے۔ مہنگائی نے غریب کے منہ سے آخری نوالہ تک چھین لیا ہے اور اب دو وقت کی روٹی پوری کرنا بھی جوئے شیر لانے کے مترادف بنا دیا گیا ہے۔

سابق عہد حکومت میں 45 سے 50 فیصد لوگ خط غربت سے نیچے زندگی کا بوجھ اٹھا کر جی رہے تھے اور اب ستم بالائے ستم نا قابل برداشت اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے اور ہیوی بلز نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ نئے پاکستان میں عوام کیڑے مکوڑوں جیسی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں۔ غربا تو ایک طرف رہے عام آدمی، محنت کش عوام اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والوں کے لیے روزگار کے مواقع ناپید ہیں، ان حالات میں عوام سوال کرتے ہیں کہ ہم جائیں تو جائیں کہاں؟ مصائب کی یلغار سے لڑتے ہوئے عوام تو پہلے ہی بے حال ہو چکے ہیں جو امید کر رہے تھے کہ نئے پاکستان میں ترقی آئے گی لیکن ترقی آ چکی ہے، ہاں تبدیلی آ چکی ہے۔

نیا پاکستان محض نیا ہی نہیں مہنگا بھی ہے، ان حالات میں غریب پاکستانی مایوس ہو چکے ہیں اور سوچنے پر مجبور ہیں کہ کیا یہ ہے نیا پاکستان۔ زندگی گزارنے کی بنیادی ضرورتوں کا بھی عام آدمی کی دسترس سے دور ہو جانا ملکی معیشت کے مسلسل تنزلی کی طرف سفر کی نشاندہی کرتا ہے۔ لازم ہو گیا ہے کہ صوبائی و مرکزی حکومت مہنگائی پر ہر صورت قابو پائیں۔ اس باب میں دیگر اقدامات کے ساتھ ساتھ حکومت کی جانب سے آئے روز پٹرولیم، بجلی و گیس کے نرخ بڑھانے کی روش کو ترک کرنا چاہیے تاکہ غریب عوام سکھ کا سانس لے سکیں۔ دوسری جانب مہنگائی کے طوفان نے ملک سے مڈل کلاس طبقے کا بالکل خاتمہ کر دیا ہے اور وہ غریب طبقے میں تبدیل ہو چکا ہے اور نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد بے روزگاری اور مفلسی کا شکار ہے۔

اس سب کے باوجود آئی ایم ایف کی جانب سے بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے لیے مسلسل دباؤ ہے اور اس کے سامنے حکومت نے سر تسلیم خم کر رکھا ہے۔ ملک میں صنعتیں بند ہو رہی ہیں اور برآمدات بری طرح متاثر ہیں، اس کے باوجود وزیر اعظم عمران خان اور ان کی ٹیم معیشت کی بہتری کے دعوے کر رہی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ پالیسیوں کے عدم تسلسل اور پیچیدہ ٹیکس نظام کے باعث پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ٹیکس نیٹ کو بڑھانے کے بجائے مطلوبہ اہداف کو بھی حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکی۔ حکومتی اقدامات محض اخباری بیانات اور ٹویٹر پیغامات تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ حکومت کی جانب سے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے جھوٹی تسلیاں اور دکھاوے کے کام کیے جا رہے ہیں۔

پولیو ویکسین سے معذوری سے نجات

گزشتہ دو برسوں کے دوران ملک میں پولیو کے ختم ہوتے کیسوں نے پھر سے سر اٹھالیا ہے، اور

رانا اعجاز حسین چوہان

سال 2019ء میں 146 اور 2020ء میں 68 نئے کیس رجسٹرڈ ہوئے ہیں جن میں سے 21 کا تعلق سندھ سے ہے۔ حالانکہ سال 2017ء میں پاکستان بھر میں پولیو کیسز کی تعداد کم ہوتے ہوتے محض آٹھ اور سال 2018ء میں صرف بارہ رہ گئی تھی جس پر عالمی ادارہ صحت نے اطمینان کا اظہار کیا تھا۔ پولیو کیسز میں اضافہ پوری پاکستانی قوم کے لیے باعث تشویش ہے۔ نسل کو خطرناک پولیو وائرس کے سبب معذوری سے بچانے اور دنیا بھر سے پولیو وائرس کا خاتمہ یقینی بنانے کے لئے اس مرض سے آگاہی انتہائی ضروری ہے۔ اس خطرناک مرض کا علاج صرف حفاظتی تدابیر کے تحت پلائے گئے پولیو ویکسین کے دو قطرے ہی ہیں، جو کہ پانچ سال سے کم عمر بچوں کو باقاعدگی کیساتھ پلانے سے اس مرض کا ممکنہ وائرس مر جاتا اور بچے اس مرض سے ہمیشہ محفوظ رہتے ہیں۔ جبکہ پولیو کے خطرناک وائرس کے حملہ آور ہونے کے بعد اس بیماری کا کوئی علاج نہیں، اس مرض کا شکار زندگی بھر کیلئے اپنے خاندان اور معاشرے پر بوجھ بن کے رہ جاتا ہے اور اگر متاثرہ فرد بیٹی ہو تو ماں باپ سارے عمر رونے کے سوا کچھ نہیں کر سکتے۔

ماہرین صحت کے مطابق خطرناک پولیو وائرس (Poliomyelitis) اعصابی (ترسی) سسٹم کو برباد کرتے ہوئے دیکھتے ہی دیکھتے ٹانگوں سے معذور کر کے انسان کو زندگی بھر کیلئے اپاہج بنا ڈالتا ہے۔ پولیو متعدی بیماری ہے اس کا وائرس منہ کے راستے انسان کے جسم میں داخل ہو کر انتڑیوں میں پرورش پاتا ہے، اور اس وائرس کی تعداد جسم میں جا کر کئی گنا بڑھ جاتی ہے، یہ متاثرہ مریض کے گلے اور آنتوں میں موجود رہتا ہے۔ عام طور پر یہ وائرس ایک متاثرہ شخص کے پاخانہ (poop) کے ساتھ رابطے کے ذریعے (پیٹ سے خارج ہونے والی گیس) سے پھیلتا ہے، جو ہر چیز کو آلودہ کر دیتا ہے اور متاثرہ فرد کے جسم سے خارج ہو کر با آسانی کسی دوسرے انسانی جسم میں داخل ہو جاتا ہے۔ یہ متاثرہ فرد کی چھینک یا کھانسی کے ذریعے بھی پھیل سکتا ہے۔ پولیو کا موذی وائرس متاثرہ شخص یا بچے کے دماغ اور ریڑھ کی ہڈی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس وائرس کا شکار زیادہ تر پانچ سال عمر تک کے بچے ہوتے ہیں۔ 90 فیصد مریضوں میں اس مرض کے شروع ہونے کا معلوم ہی نہیں ہو پاتا باقی 10 فیصد میں ابتدائی طور پر اس سے بخار، سر درد، الٹیاں، گردن کا اکڑنا اور ٹانگوں میں درد ہونا عام علامات ہیں۔

اس مرض سے بچنے اور لوگوں کو اس مرض کے سبب معذوری سے بچانے کے لئے 25 اپریل 1954ء کو پہلی دفعہ امریکہ میں پولیو ویکسین کا وسیع پیمانے پر تجربہ کیا گیا اور 12 اپریل 1955ء کو مشی گن یونیورسٹی میں ڈاکٹر تھامس فرانسس جونیئر نے اپنے رفقاء کی موجودگی میں اس کی کامیابی کا اعلان کیا اور بتایا کہ یہ حفاظتی ویکسین 80 سے 90 تک کامیاب رہی ہے۔ اسی دن امریکی حکومت نے اس کے عام استعمال کی اجازت دیدی۔ یونیسیف، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن، سی ڈی سی اور روٹری انٹرنیشنل دنیا کے چار سب سے بڑے ڈونرز ہیں انہوں نے 1988ء میں طے کیا کہ جلد از جلد دنیا سے پولیو کا خاتمہ کیا جائیگا۔ 1988ء میں 125 ملکوں میں 350,000 سے زائد بچے پولیو سے معذور ہوئے جبکہ ان عالمی اداروں کی کاوشوں کی بناء پر 2013ء میں صرف تین ملک (پاکستان، افغانستان اور نائجیریا) میں یہ مرض باقی رہ گیا تھا، جہاں اس سال میں ان تین ملکوں میں کل 160 مریض کنفرم ہوئے جبکہ پوری دنیا میں اس سال 406 مریض سامنے آئے۔ اسی پولیو ویکسین کی بدولت 1988ء سے 2020ء میں دنیا سے پولیو کا 99 فیصد تک خاتمہ ہو چکا ہے اور اس طرح ایک کروڑ بچوں کو معذور ہونے بچالیا گیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت پاکستان سے پولیو کی مکمل خاتمے کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔ حکومت پاکستان پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کے لئے ہر تین ماہ بعد "قومی مہم برائے انسداد پولیو" (NIDs) کا انعقاد کر رہی ہے۔ یونیسف، عالمی ادارہ صحت، روٹری، ریڈ کراس اور ہلال احمر اور انسانی ہمدردی رکھنے والے اور سول سوسائٹی کے دیگر گروپوں سمیت بہت سے غیر ملکی اور مقامی ادارے ان مہموں کی منصوبہ بندی اور ان پر عمل درآمد کے لئے مدد کر رہے ہیں۔ اور ان بچوں تک بھی پہنچنے کی ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے جو سیکورٹی خدشات، گھر والوں کے انکار یا دیگر وجوہات کی بناء پر ماضی میں قطرے پینے سے محروم رہ گئے تھے، ایسے بچوں میں پولیو کی بیماری ہونے کے سب سے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔

عالمی اداروں کے تعاون سے یہ مہمات اس وقت تک جاری رہیں گی جب تک پاکستان اور دنیا بھر سے پولیو کا خاتمہ ممکن نہیں ہو جاتا۔ انسداد پولیو کے لئے سرکاری سطح پر کاوشوں کے ساتھ عوام کو بھی پولیو کے خاتمے میں تعاون کرنا چاہئے۔ ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے علماء کو بھی اپنا کردار ادا کرتے ہوئے عوام کے ذہنوں میں موجود مختلف غلط فہمیوں کو دور کرنا چاہیے۔ یہ ویکسین تمام بچوں کے لئے محفوظ ہے، اور ہر خوراک پولیو کے خلاف بچے کی قوت مدافعت کو مضبوط کرتی ہے۔ اس مرض کے مکمل خاتمے کے لئے ضروری ہے کہ ہر پانچ سال کے بچے کو پولیو ویکسی نیشن لازمی کروائی جائے، اس کے ساتھ ساتھ صحت وصفائی پر خصوصی توجہ دی جائے، بلاشبہ صفائی کے بہتر انتظام کے باعث بہت سی بیماریوں سے بچا جا سکتا ہے۔

حجاب فخر نسواں

حجاب مسلمان عورت کے لئے ایک ایسا فریضہ ہے جو وہ احکام الٰہی کے تحت ادا کرتی ہے مگر آج اسے مسلہ بن کر اچھالا جا رہا ہے۔ قرآن کریم جو ہر مسلمان کے لئے

حافظہ عاشہ احمد

رشد و ہدایت اور قانون کا درجہ رکھتا ہے حجاب سے متعلق سورۃ النور میں ارشاد فرماتا ہے" اور اے نبی ﷺ مومن عورتوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نگاہیں بچا کے رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنا بناؤ سنگھار نہ دکھائیں بجز اس کے کہ جو خود ظاہر ہو جا اور اپنے سینوں پر اپنی اوڑھنیوں کے آنچل ڈالے رہیں اور اپنا بناؤ سنگھار ظاہر نہ کریں"۔ آیت 31 اسی طرح متعدد احادیث بھی حجاب کی اہمیت کو واضح کرتی ہیں" حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ مسلمان عورتیں رسول ﷺ کے ساتھ صبح کی نماز میں شریک ہوتیں اس حال میں کہ انہوں نے اپنے جسم کو چادروں میں لپیٹا ہوتا پھر وہ نماز ادا کرنے کے بعد اپنے گھروں کو واپس چلی جاتیں اور اندھیرے کی وجہ سے ان کو کوئی پہچان بھی نہ پاتا تھا"۔

موجودہ دور میں عالمی قوتوں نے امت مسلمہ پر تہذیبی یلغار کرتے ہوئے اسلامی شعار کو ہدف بنایا ہوا ہے اور حجاب ان کا خصوصی ہدف ہے یہ حقوق نسواں کا نعرہ لگا کر عورتوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ عورت کو ترقی کے نام پر بے حجاب کرنا شیطانی قوتوں کا ہمیشہ سے ہدف رہا ہے جس میں وہ کامیابی حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں لیکن اگر اس کے برعکس دیکھا جائے تو حجاب امت مسلمہ کا وہ شعار، مسلمان خواتین کا وہ فخر و امتیاز ہے جو اسلامی معاشرے کو پاکیزگی عطا کرنے کا ذریعہ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ حجاب عورت کو تقدس ہی نہیں تحفظ بھی عطا کرتا ہے یہ شیطان اور اس کے حواریوں کی غلیظ نظروں سے بچنے کے لئے ایک محفوظ قلعہ ہے۔ عورت کو اللہ کی طرف سے ایمان کے بعد خوبصورت ترین تحفہ پردہ عطا ہوا ہے جو اس کی عزت و ناموس کی حفاظت کے لئے ڈھال کی حیثیت رکھتا ہے پردہ عورت کی زینت ہے یہی وہ عمل ہے جسے آقا ﷺ نے عورتوں کا جہاد کہا ہے۔

حجاب اسلام کا کلچر ہے اور بے حجابی شیطان کی روایت ہے۔ مسلمان عورتوں کا شعار حجاب ہے۔ سورۃ الاحزاب میں اللہ پاک نبی مکرم ﷺ کو مخاطب کر کے ارشاد فرماتا ہے" اے نبی ﷺ اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور اہل ایمان عورتوں سے کہہ دیجئے کہ وہ اپنے اوپر چادروں کے پلو لٹکا لیا کریں" آیت 59۔

اللہ نے عورت کو بیٹی کے روپ میں رحمت بنایا ہے اور رحمتیں سنبھالی جاتی ہیں۔ اگر دیکھا جائے تو ایک تصور اور وہ حلیہ مغربی عورت کی پہچان ہے اور ایک تصور سیدہ کائنات بی بی فاطمۃ الزہراؓ کا ہے جو مسلمان عورت کی پہچان ہے۔ ایک لطیف نکتہ بیان کیا جاتا ہے کہ کعبہ پر غلاف ہے تاکہ معلوم ہو کہ یہ عام جگہ نہیں بلکہ مسلمانوں کا قبلہ ہے، بیت اللہ ہے۔ قرآن کریم پر غلاف ہے تاکہ معلوم ہو کہ یہ مقدس کتاب ہے عام نہیں۔ عورت پر حجاب ہے تاکہ معلوم ہو کہ یہ عام عورت نہیں مسلمہ ہے اور پردہ اس کا شعار ہے۔

حجاب میرا فخر اور الحمدللہ میری عزت و توقیر کا باعث ہے اور یہ سعادت صرف مجھ "عورت" کو حاصل ہے کہ میرے رب نے یہ صفت مجھے عطا کی ہے کہ وہ خود حجابوں میں ہے اور عورت کو بھی حجاب کا حکم دیتا ہے اس کی عکاسی علامہ اقبالؒ اپنے اس خوبصورت شعر میں کرتے ہیں

درنگر ہنگامہ آفاق را
زحمت جلوت مدہ خلاق را

اللہ پاک مجھ سمیت سب کو حجاب کی اہمیت اور اس کی طاقت سمجھنے کی توفیق عطا فرما

کیا لکھوں

گزشتہ روز میں اپنے ہاتھ میں قلم تھامے سوچوں کے سمندر میں ڈوب کر یہ سوچ رہا تھا کہ میں اب کیا لکھوں چونکہ میرے وطن عزیز میں سچ لکھنا

شیخ توصیف حسین

سچ بولنا مظلوم کی مدد کرنا ضمیر فروشوں کے کالے کرتوتوں کو بے نقاب کرنا کم ظرف بااثر افراد سے الجھنا شر پسند عناصر کو آئینہ دکھانا ایک بہت بڑا گناہ سمجھا جاتا ہے اور تو اور میرے وطن عزیز کی بے حس عوام کی اگر کوئی اہل قلم طرف داری کر بھی لے تو یہی بے حس عوام برا وقت آنے پر اُس اہل قلم کے ساتھ طوطے کی طرح آنکھیں بدل لیتی ہے تو کیا کسی نے خوب کہا ہے کہ جیسی روحیں ویسے فرشتے خداوند کریم نے ہم پر فرشتے نازل کیے ہیں تو یہاں مجھے ایک واقعہ یاد آ گیا ایک بادشاہ اپنی عوام کی بے حسی کو دیکھ کر پریشانی کے عالم میں اپنے وزیر خاص سے کہنے لگا کہ مجھے کوئی ترکیب سمجھاؤ کہ میری بے حس عوام کی غیرت جاگ اُٹھے یہ سننے کے بعد وزیر خاص نے بادشاہ سلامت کو کہا کہ آپ بے روزگاری اور مہنگائی میں اس قدر اضافہ کر دیں کہ جس کو دیکھ کر تڑپ جائے یہ بے حس عوام قصہ مختصر اس ترکیب کے ازمانے کے باوجود عوام بے حسی کا شکار رہی جس کو دیکھ کر بادشاہ نے دوبارہ اپنے وزیر خاص کو بلا کر کہا کہ آپ کی ترکیب تو بیکار ہو گئی۔

لہٰذا تم مجھے ایسی ترکیب بتاؤ کہ جس کی وجہ سے میری بے حس عوام تڑپ کر میرے دربار میں فریاد کرنے آئے یہ سن کر وزیر خاص نے بادشاہ سلامت کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ آپ شہر سے باہر جانے والی نہر کے کنارے ایک چوکی تعمیر کروا کر چند ایک سپاہیوں کو تعینات کریں جو ہر آنے جانے والے شخص سے نہ صرف جگا ٹیکس وصول کریں بلکہ اُس کی چھترول بھی کر دیں اس سلسلہ کو جاری ہوئے کچھ ہی عرصہ کے بعد چند ایک اشخاص بادشاہ سلامت کے دربار میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ بادشاہ سلامت آپ سے ہماری یہی گزارش ہے کہ آپ نے جو چوکی پر چند ایک سپاہیوں کو تعینات کیا ہوا ہے اس میں اضافہ کر دیں تاکہ وہ جلد از جلد ہم سے جگا ٹیکس وصول کرنے کے ساتھ ساتھ ہماری چھترول کر دیا جو ہر آنے جانے والے شخص سے نہ صرف جگا ٹیکس وصول کریں بلکہ اُس کی چھترول بھی کر دیں اس سلسلہ کو جاری ہوئے کچھ ہی عرصہ کے بعد چند ایک اشخاص بادشاہ سلامت کے دربار میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ بادشاہ سلامت آپ سے ہماری یہی گزارش ہے کہ آپ نے جو چوکی پر چند ایک سپاہیوں کو تعینات کیا ہوا ہے اس میں اضافہ کر دیں تاکہ وہ جلد از جلد ہم سے جگا ٹیکس وصول کرنے کے ساتھ ساتھ ہماری چھترول کر دیا کریں تاکہ ہم جلد از جلد وہاں سے روانہ ہو جائیں بالکل یہی کیفیت ہمارے وطن عزیز کی عوام کی ہے جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ کرونا وائرس جیسے موذی مرض کے دوران کوئی سیاست دان یا پھر کوئی مذہبی رہنما یا پھر کوئی پیرو مرشد اس بے حس عوام کی خیریت دریافت کرنے نہیں آیا مذکورہ شخصیات کے اس ظالمانہ رویے کے باوجود ہمارے وطن عزیز کی بے حس عوام مختلف علاقوں سے دور دراز کا سفر طے کر کے مذکورہ شخصیات کی مدد کرنے کیلئے گوجرانوالہ پہنچ گئی تھی۔

بہر حال چھوڑو اس بات کو اب میں کیا لکھوں اپنے وطن عزیز کی بیوروکریسی کے بارے میں لکھوں جو اس قدر طاقتور ہو گئی ہے کہ وہ حکومت کا تختہ الٹ سکتی ہے اور ویسے بھی جو قرآن پاک پڑھ کر نہیں سدھری وہ میری تحریروں سے کب سدھرے گی تو یہاں مجھے ایک واقعہ یاد آ گیا ایک بزرگ شخص دس سال کے بعد عدالت سے بری ہوا تو اُس نے جج کو دعا دیتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک تجھے تھانیدار بنا دے یہ سن کر مذکورہ عدالت کے جج نے اُس بزرگ سے کہا کہ آپ مجھے دعا دے رہے ہیں یا پھر بد دعا آپ کو یہ معلوم نہیں کہ تھانیدار سے بڑا جج ہوتا ہے یہ سن کر بزرگ شخص نے جج کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ جج سے بڑا تھانیدار ہوتا ہے جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ جب مجھ پر مقدمہ درج ہوا تو تھانیدار نے مجھ سے کہا کہ اگر تم مجھے پانچ ہزار روپے ابھی دے دو تو میں تمہارا مقدمہ ابھی ختم کر دیتا ہوں لیکن آپ نے وہی مقدمہ دس سال گزرنے کے بعد اب ختم کیا ہے۔

لہٰذا اب تم مجھے بتاؤ کہ آپ بڑے ہیں یا پھر تھانیدار میں اسی سوچ میں مبتلا تھا کہ اب میں کیا لکھوں کہ میرے وطن عزیز میں صحافت جیسے مقدس پیشہ سے وابستہ افراد جو اپنے فرائض و [illegible] سیاست دانوں لا قانونیت کا ننگا رقص کرنے والے قانون شکن عناصر کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر جام شہادت نوش فرما چکے ہیں جبکہ متعدد افراد جن میں ریاض جاوید نوید سدھانہ عمران خان بلوچ ملک وحید اخلاق قریشی آغا اقبال سید ذیشان جاوید اعوان چوہدری وحید اسلم گادھی ماصل خان سید مبشر نقوی آصف چوہان وغیرہ سرفہرست ہیں جن کا تعلق ضلع جھنگ پسماندہ علاقے سے ہونے کے باوجود مذکورہ افراد آج کے اس پر آشوب معاشرے میں جس میں ہر شخص نفسا نفسی کا شکار ہو کر حرام و حلال کی تمیز کھو بیٹھا ہے میں ایک قطب ستارے کی حیثیت رکھتے ہیں جس کی چمک سے صحافت جیسا مقدس پیشہ جگمگا رہا ہے۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ اس مقدس پیشہ سے وابستہ بعض افراد ایسے بھی ہیں جو اپنی گھناؤنی سوچ خوشامدی لب و لہجہ کے ساتھ ساتھ ضمیر فروشی کی تمام حدیں پار کر کے مفاد پرست سیاست دانوں اور بیوروکریسی کے قصیدے پڑھ کر اپنا ذاتی مفاد حاصل کر کے اس مقدس پیشے کے نام پر ایک بدنما داغ بن کر رہ گئے ہیں یہی کافی نہیں یہ وہ ناسور ہیں جو صحافیوں کے اتحاد میں انتشار پھیلانا اپنا فرض عین سمجھتے ہیں در حقیقت تو یہ ہے کہ یہ وہ سانپ ہیں کہ جنہیں خواہ تم جتنا دودھ پلا لو یہ تمہیں ڈسنے سے باز نہیں آئے گئے ان کے اس گھناؤنے اقدام کی وجہ سے خداوند کریم نے ان کے چہرے اور بدن پر عذاب نازل کر دیا ہے جس کا اثر ان کے بچوں پر پڑ رہا ہے یاد رہے کہ گزشتہ دنوں مذکورہ افراد کے کالے کرتوتوں اور خدوخال کی عکاسی جھنگ کے ایک نڈر بے باک صحافی نے اس قدر کی کہ جیسے مالی اپنے گلدستے کو سجانے کیلئے مختلف خوبصورت پھولوں کا انتخاب کرتا ہے تو یہاں مجھے ایک واقعہ یاد آ گیا کہ ایک شخص نے طوطا رکھا ہوا تھا جو کم ظرف خوشامدی اور ضمیر فروش شخص کو دیکھ کر حرامی کہنا شروع کر دیتا تھا جس پر ایک شخص نے طوطے کے مالک کو کہا کہ تم اپنے طوطے کو اپنی زبان میں سمجھا دو ورنہ میں اسے گولی مار دوں گا چونکہ یہ مجھے دیکھتے ہی حرامی حرامی کہنا شروع کر دیتا ہے یہ سن کر طوطے کے مالک نے طوطے سے کہا کہ تم اسے حرامی نہ کہا کرو اس بات کے کچھ دنوں بعد وہ شخص جب وہاں سے گزرا تو طوطے نے زور زور سے چیخنا شروع کر دیا جس پر اُس شخص نے طوطے کی طرف دیکھا تو طوطے نے کہا کہ تو سمجھ تو گیا ہے نا۔۔۔ منافقوں کی بستی میں اپنے ڈیرے ہیں۔۔۔ وہی جو تیرے منہ پر تیرے اور میرے منہ پر میرے ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

نواز شریف عمران خان کے سر پر سوار ہیں۔ مریم نواز

حوصلہ افزائی کی ترغیب!

کسی نے خوب کہا ہے کہ جب تک بیوقوف زندہ ہیں عقلمند بھوکا نہیں مرسکتا۔ معاملہ کی سنجیدگی، پیچیدگیاں

شیخ خالد زاہد

پیدا کر دیتی ہے اور پیچیدگیوں کو سلجھانا کسی فن سے کم نہیں۔ پیشہ ور لوگ اس بات کو بہت اچھی طرح سے سمجھ سکتے ہیں۔ ہمارے گھروں میں بھی بڑھتی ہوئی ترقی کی طرح پیچیدگیوں میں بھی دن بادن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ آسان اور واضح لفظوں میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ بھوک اور افلاس سے پیدا ہونے والی مایوسیوں کا دور دورہ ہے اور تقریباً اکثریت اس بیماری میں مبتلا ہوتی دیکھائی دے رہی ہے۔ تبدیلی کسی کی محتاج نہیں ہے یہ ہر گزرتے لمحے کیساتھ خود بخود رونما ہوتی چلی جاتی ہے، جیسے پانی کی روانی اپنے راستے خود تلاش کر لیتی ہے یا بنا لیتی ہے بلکل زندگی کی تبدیلیاں بھی ایسی ہی ہوتی ہیں (لیکن کچھ لوگ قدرت کی جانب سے کی جانے والی تبدیلی کو بھی اپنے گلے میں لٹکائے پھرتے دیکھائی دیتے ہیں جس کی وجہ وہی ہے کہ جب تک بیوقوف زندہ ہے عقلمند بھوکا نہیں مرسکتا)۔ طبعی تبدیلی انسان کے کس بل کھلوا دیتی ہے ایک انتہائی صبر آزما مسلسل کرتے رہنے سے کہیں جا کے تبدیلی کے آثار دیکھائی دیتے ہیں جسے ہر آنکھ دیکھنے سے بھی قاصر ہے۔ تبدیلی کے نعرے لگانے والے جیسے تھک کر کہیں خاموش بیٹھے ہیں، جیسے انکی مطلوبہ تبدیلی کیلئے کی جانے والی جدوجہد رائیگاں ہوتی جا رہی ہے۔ یوں تو بہت سے نام ایسے موضوعات کی وجہ سے بڑے ہوئے کہ جن پر عام لکھنے یا بولنے والوں کی انگلیاں اور زبان جلا کرتیں ہیں۔ گزشتہ دنوں ڈاکٹر انیل سلمان صاحب کا انگریزی زبان میں ایک مضمون شائع ہوا جس کا اردو میں عنوان تھا، ☆ حوصلہ افزائی کی ترغیب دینے والے، نئے دور کے بناری ٹھگ ☆ یقیناً یہ ایک چبھتا ہوا موضوع کہا جا سکتا ہے اور چبھن کو محسوس کرنے کیلئے ڈاکٹر صاحب کے مضمون کا انگریزی مطالعہ اس جوڑ یا کڑی (https://www.globalvillagespace.com/motivational-speakers-the-new-form-of-banarasi-thugs/) پر کیا جاسکتا ہے۔

ڈاکٹر انیل سلمان صاحب ایک قد آور شخصیت ہیں، اپنے پیشے کے ماہر ہیں اور معاشرے میں رونما ہونے والے امور پر گہری نظر رکھتے ہوئے اپنے مشاہدات و تجربات کو انگریزی زبان میں عام کرتے ہیں۔ یہاں ڈاکٹر صاحب سے ایک انتہائی مودبانہ گزارش کرتے چلیں کہ برائے مہربانی اردو رسائل و اخبارات کیلئے اپنے مضامین کا ترجمہ بھی فراہم کیا کریں، ایک تو اس سے اردو کے نفاذ میں مدد ملے گی دوسرے یہ کہ معلومات عام آدمی تک حقیقی معنوں میں پہنچ جائے گی، قابل ذکر بات یہ ہے کہ ایک مخصوص طبقہ جانکاری عام آدمی تک پہنچانا ہی نہیں چاہتا (یقیناً ڈاکٹر انیل سلمان صاحب کا شمار ان میں نہیں ہوتا ہوگا)، سب کام کی اور اہم باتیں انگریزی میں ہوتی ہیں جو عام آدمی کی سمجھ سے تا حال باہر ہے بلکہ اور باہر ہوتی جا رہی ہے۔ یہاں میر تقی میر صاحب کا بھی تذکرہ کرتے چلتے ہیں کہ جن کے بارے میں مشہور ہے وہ نہیں چاہتے تھے کہ ان کے اشعار عام لوگوں کی سمجھ میں آئیں۔

عنوان سے واضح ہے کہ ڈاکٹر انیل سلمان صاحب نے ایک پیشے پر تنقیدی قلم درازی کی ہے اور جو کہ ایک ایسے پیشے کی صورت اختیار کر چکا ہے جیسے کہ کوئی ڈھب (فیشن) ہو۔ جیسا کہ درجہ بالا سطور میں رقم کیا گیا ہے کہ جب تک بیوقوف زندہ ہیں عقلمند بھوکا نہیں مرسکتا، حالات کے پیش نظر ایک طبقہ ایسا ہے جو کہ بہت زیادہ ذہنی دباؤ کا شکار ہے اور اپنے آپ کو بچانے کی ہر ممکن کوشش کرنے میں مصروف رہتا ہے۔ اس ذہنی دباؤ کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ لوگ جہاں مختلف عارضوں میں مبتلاء ہو جاتے ہیں وہیں معاشرے کیلئے بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہوتی ہے جو بہت بہترین دنیاوی طرز زندگی گزار رہے ہوتے ہیں۔ ماضی میں نفسیاتی ڈاکٹر بطور معالج باقاعدہ ایسے مریضوں کا علاج کیا کرتے تھے یا پھر اس بیماری سے نجات کیلئے عامل بابا کے پاس مجمع لگا رہتا تھا۔ مایوسی کے بہت سارے نام بطور مرض سائنس نے اخذ کر رکھے ہیں۔ ہم سائنسی تحقیق پر بات نہیں کریںگے کیونکہ یہ ایک باقاعدہ موضوع ہے۔ یہاں اس بات پر بھی روشنی ڈالتے چلیں کہ مایوسی جہاں ذہنی امراض کو جنم دیتی ہے وہیں جسمانی امراض بھی بیدار ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ جب انسان کو کوئی راستہ نہیں دیکھائی دے اور وہ اپنی ہی ذات میں قید ہو کر رہ جائے، اسکی سمجھ اسے یہ کہے کہ اب تم سے کچھ نہیں ہو سکتا اسلئے تمھیں خود کشی کر لینی چاہئے پس یہ ثابت ہوا کہ خودکشی کی سب سے بڑی وجہ مایوسی ہی ہے۔ جب آپ کو اپنے خالق پر بھروسہ نہیں رہتا تو ویسے ہی کفر ہو گیا اسی لئے تو اسلام نے مایوسی کو کفر قرار دیا ہے اور یہ بات واضح کی ہے کہ اپنے خالق پر کامل ایمان تمہیں کبھی رسوا نہیں ہونے دیگا مایوسی تو بہت دور کی بات ہے۔

انسان بشری تقاضے پورے کرنے میں اندھا دھن مگن ہے اور اس مگن میں اپنی حقیقت کو فراموش کر چکا ہے، جہاں کہیں ٹھوکر کھاتا ہے گرتا ہے، سب جو موجود ہوتا ہے ٹوٹ کر بکھر جاتا ہے پھر صرف اور صرف مایوسی گھیر لیتی بلکہ جکڑ لیتی ہے اور گھسیٹ کر خودکشی کے اندھے کنویں میں دھکیل دیتی ہے۔ لوگوں کی اکثریت اپنی مخصوص ذہنی کیفیت میں رہنا پسند کرتے ہیں اور اگر یہ لوگ معاشی طور پر مستحکم ہوں تو یہ اس کیفیت میں تبدیلی کی کوئی گنجائش نہیں رکھتے۔ ہاں البتہ جو لوگ مستحکم معیشت کیلئے مسلسل تگ و دو میں لگے رہتے ہیں وہ حالات و واقعات کے حساب سے اپنی ذہنی کیفیت میں تبدیلی لانے کیلئے تیار رہتے ہیں اور یہ محاورہ ایسے ہی لوگوں کیلئے کہا گیا ہے کہ جیسا دیس ویسا بھیس۔ یوں تو ہم خود بھی اس موضوع پر قلم بطور تلوار اٹھانا چاہتے رہے لیکن ناگزیر وجوہات کی بنا پر ممکن نہیں ہو سکا، شکریہ انیل سلمان صاحب کا کہ انکی وجہ سے حوصلہ ملا اور یہی وہ حوصلہ ہے جو جسے بیچنے کی ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ زندگی کسی نا کسی مقصد کے حصول کیلئے ملی ہے، جسکے لئے سب سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ وہ مقصد کیا ہے؟ تلخ حقیقت تو یہ ہے کہ انسانوں کی اکثریت بغیر کسی مقصد کے اپنی زندگیاں رائیگاں کر کے جا چکے ہیں۔ یہ مقصد انسان کو اپنے آپ کو انسان منوانے کا ہے، کچھ بھی منوانے سے قبل یہ ضروری ہوتا ہے کہ پہلے ماننے کی صلاحیت اپنے اندر پیدا کی جائے۔ انسانوں کی اس بھیڑ میں کچھ لوگوں نے انسانوں کو متحرک کرنے کی باقاعدہ کوشش شروع کی، پہلے پہل والوں نے اپنے تجربات کو کتابوں کی شکل میں چھوڑا، دوسرے عملی کارناموں سے انہوں نے تحریک پیدا کرنے کی کوشش کی اور تیسری اور آخری شکل ہمارے درمیان موجود ہے جو نا صرف پچھلے دونوں زندہ کئے ہوئے بلکہ میڈیا کے ہر پلیٹ فارم کو بھرپور استعمال کر رہے ہیں، دیکھا جائے تو سماجی ابلاغ پر ایسے ترغیب دینے والے اور تحریک پیدا کرنے والوں کی بہتات ہے اور شائد سماجی ابلاغ سے متعلق جتنی بھی ویب سائٹ انٹر نیٹ پر موجود ہیں سب انکے ہی دم سے چل رہی ہیں۔

یوں تو انسانوں کو صحیح معنوں میں تحریک انکے روحانی پیشواؤں سے ملتی رہی ہے یعنی مذہبی کا عنصر تحریک اور ترغیب دینے میں سب سے اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ قارئین ترغیب، تحریک کو حوصلہ افزائی بھی سمجھ سکتے ہیں۔ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھنے والے ہوں بڑے ہی روائتی انداز میں یعنی پہناوا وغیرہ کے ساتھ زندگی کو بہترین طریقے سے گزارنے کیلئے بھرپور حوصلہ افزائی کرتے دیکھائی دیتے ہیں لیکن افسوس یہ طریقہ اپنا تاثر بہت کم لوگوں پر قائم رہتا ہے اور قائل کر پاتا ہے۔ حوصلہ افزائی سے وابستگی کا تقاضہ ہے کہ آپکو مختلف زبانوں پر عبور حاصل ہو یا کم از کم سمجھ ضرور آتی ہو، آپکے پاس پیشہ ورانہ اسناد بھی ہوں اور آپ بیرون ملک سفر کرتے رہے ہوں۔ آج ہمارے سامنے جو لوگ حوصلہ افزائی کرنے کیلئے موجود ہیں انمیں یہ ساری خصوصیات بلعموم موجود ہیں اور ایک اہم بات کہ مقرر مشرق اور مغرب کے اشتراک پر پورا یقین رکھتا ہو۔ صرف پاکستان میں ہی نہیں بلکہ دنیا جہان میں حوصلہ افزائی پر بات کرنے والے پیشہ ور افراد خوب مہارت سے رقم بنا رہے ہیں جس کی بنیاد پر انیل سلمان صاحب نے انہیں بناری ٹھگ کہہ کر پکارا ہے۔ یہاں یہ بات بھی زیر غور ہے کہ کیا کسی فرد کو کوئی بھی ترغیب دے سکتا ہے؟ جہاں تک تعلق ہے پیشہ ور افراد کا جو کسی ادارے سے وابستہ ہوتے ہیں تو ان پر یہ لازم ہوتا ہے کہ وہ حوصلہ افزائی کرنے والوں کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کرتے ہوئے اپنی کام کرنے کی جگہ کو اور اپنے آپ کو زیادہ کارآمد بنائیں۔ یہاں جو اختلاف پایا گیا وہ کچھ اسطرح ہے کہ ایک حوصلہ افزائی پر گفتگو کرنے والا شخص ایک تو ہر جگہ ایک ہی قسم کی گفتگو کرتا سنائی و دیکھائی دیتا ہے اور یقیناً اپنے مخصوص انداز میں، اختلاف یہاں مکمل نہیں ہوتا بلکہ جتنے بھی اس موضوع سے وابسطہ اشخاص ہوتے ہیں تقریباً ایک ہی طرز پر گامزن ہوتے ہیں۔ جو کام ادارے میں موجود رہنما طبعیت کے لوگ زیادہ واضح اور آسان طریقے سے کر سکتے ہیں ان کی جگہ خطیر رقم خرچ کر کے (جسکی بدولت انہیں بناری ٹھگ کہا گیا ہے) انہیں بلایا جاتا ہے۔ انکی باتوں کا عملی کام سے کہیں دور دور کا واسطہ نہیں ہوتا اور افسوس اس بات کا ہے کہ سننے والے سن ہو کر محظوظ ہونے کا ڈھونگ رچاتے رہتے ہیں۔

گو کہ حوصلہ افزائی کوئی آسان کام نہیں ہے، سامنے والے کے ردعمل کا کوئی پتہ نہیں ہوتا وہ یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ میرے جوتے میں پیر ڈال کر حوصلہ افزائی کر کے دکھاؤ۔ آج ہمارے درمیان کتنے ایسے کامیاب لوگ موجود ہیں کہ جن کی کامیابی کے پیچھے اس طرح حوصلہ افزائی کی ترغیب دینے والے لوگ موجود تھے، لیکن ان لوگوں کے ادوار اسطرح کی مایوسیوں میں لتھڑے ہوئے نہیں ہونگے۔ دھوکا دہی، جھوٹ اور بے ایمانی کی ایسی فراوانی نہیں ہوگی جتنی کہ آج ہے کیونکہ دور جدید میں یہ تمام عوامل کسی بھی شخصیت کی اضافی خصوصیات وقابلیت سمجھی جاتیں ہیں۔ آج ہر کامیاب فرد اپنی کامیابی کا ڈنکا بجانا چاہتا ہے جس کی وجہ سے وہ خود ہی حوصلہ افزائی کی ترغیب دینے کھڑا ہو جاتا ہے۔ سماجی ابلاغ کا بھی اس میں بہت بڑا حصہ ہے کیونکہ ہر فرد ہی دوسروں کو اچھا کرنے کی ترغیب دیتا دیکھائی دیتا ہے اسکے برعکس اسکے برتاؤ میں اس اچھائی کا کچھ لینا دینا نہیں دیکھائی دیتا، جسکی مثالیں عام مل جاتی ہیں۔ اس بات پر اپنی بحث کو سمیٹتے ہیں کہ ایسے لوگ صحیح معنوں میں حوصلہ افزائی کی ترغیب دینے والے ہیں جو دنیا کے ساتھ ساتھ مذہبی سوجھ بوجھ بھی رکھتے ہوں وہ آپ کو صرف اور صرف دنیا کی رنگینی میں رنگنے کی ترغیب نہیں دیتے ہوں بلکہ مذہب سے بھی جڑے رہنے پر آمادہ کرتے ہوں، جنکی بدولت جہاں اسلام کے صحیح تشخص کی ترجمانی ہو سکے اور سفر آخرت کا بھی کچھ سامان ہو سکے۔ جھوٹ، فریب اور دھوکا دہی کے بغیر حوصلہ افزائی نہیں کی جا سکتی، کیا عام انسان کو ویسا دکھنے کیلئے جیسا وہ دکھنا چاہتا ہے کسی سے سند لینی ہوگی۔ حوصلہ افزائی کی ہر سطح پر ضرورت ہوتی ہے اور ہر فرد واحد کو ضرورت ہوتی ہے لیکن ایسی حوصلہ افزائی جو بطور فیشن (ایک ڈھب) معاشرے میں پروان چڑھ چکی ہے عام آدمی کی حوصلہ شکنی کا سبب تو نہیں بن رہی۔ انسانیت کی بقاء ایک دوسرے سے جڑے میں ہے اور جڑے رہنے کیلئے ضروری ہے کہ ہم ایک دوسرے کو تھپکی دیں یا ایک محبت والی جھپی دیں تاکہ معاشرے کا بگڑتا ہوا توازن برقرار رہ سکے اور لوگ خودکشی کرنے سے پہلے سوچ لیں کہ ایسی زندگی اور ایسے لوگ دوبارہ نہیں مل سکتے۔

سچے ساتھی کی تلاش

کچھ عرصہ پہلے تک یا دو تین دہائیوں پہلے تک ہمارے ہاں یہ رنگ برنگی دوستیاں، مرد و زن کا دوستیوں کے نام

ممتاز ملک۔ پیرس

پر بے حجابانہ میل ملاپ، تنہائی میں کہیں بھی کسی کے بھی ساتھ منہ اٹھا کر ملنے چل دینا۔۔۔ ان سب چیزوں کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ (جو نہ صرف اسلامی اصولوں کے خلاف ہیں بلکہ ہمارے معاشرتی اور اخلاقی تقاضوں کا بھی مذاق ہیں۔) یہ سب بیماریاں اور روگ ایلیٹ کلاس کے چونچلے اور بدنامیاں سمجھے جاتے تھے۔ لیکن آج وقت نے ایسی کروٹ لی کہ اعتماد کے نام پر کچھ تو والدین نے اولادوں (خواہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں) کو کھلی چھوٹ دیدی کہ ان کے گھر آنے جانے کا کوئی وقت مخصوص نہ رہا اور وہ خود کو والدین کے سامنے جوابدہی سے مبرا سمجھنے لگے تو وہیں ان کے باہر کے ماحول نے انہیں گھر میں والدین پر حکم چلانے والا وہ آقا بنا دیا جس نے قیامت کی اس نشانی کو پورا کر دیا جس میں ہمیں خبردار کیا گیا تھا کہ

"قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک لونڈی اپنی مالکن کو جنم نہ دے لے"۔۔۔

مطلب اولادیں اپنے والدین کے ساتھ ملازموں والا برتاؤ کرنا شروع نہ کر دیں۔

اسی بے مہار آزادی میں جب اپنے والدین کو ہم اپنا مخلص راز دار ہی نہیں سمجھتے۔ نہ ہم انہیں عقل والوں میں شامل کرتے ہیں۔ عجیب بات ہے نا کہ عقل کل تو ہم خود ہی ہو چکے ہوتے ہیں لیکن جن والدین کی ہم پیداوار ہیں انہیں کو دنیا کے سب سے بیوقوف اور جاہل انسان سمجھنے لگتے ہیں اور یوں سچے دوست کی تلاش کا ایک سراب نما سفر شروع ہو جاتا ہے جہاں ہر نخلستان پر پہنچ کر معلوم ہوتا ہے کہ نہیں یہ تو سراب تھا یا اس سے بھی اچھا کوئی اور ہو یا پھر یہ تو میرے معیار کا نہیں۔

کسی نے سچ ہی کہا ہے کہ

"دوست ہوتا نہیں ہر ہاتھ ملانے والا"

دوستیاں پالنے والا انسان کبھی غیر جانبدار نہیں رہ سکتا۔ وہ کسی نہ کسی جگہ کسی ایک کے پلڑے میں ناجائز طور پر جھک ہی جاتا ہے۔ اس لیئے وہ اکثر ایماندار بھی نہیں رہتا۔ سچا دوست ڈھونڈنے کے بجائے عزت کیساتھ اپنے لیئے زندگی کا ہمیشہ کا ساتھی چنیئے۔

اپنے آپ کو ان دوستیوں کے عذاب سے نکالیئے۔ سب کیساتھ اسی حد تک تعلق رکھیئے جس حد تک اس تعلق کی حقیقی جگہ ہے۔

اپنے لیئے کسی سچے ساتھی کی ضرورت ہے تو عزت کیساتھ شادی کر لیجئے۔ میاں بیوی کو اللہ پاک نے ایکدوسرے کا لباس قرار دیا ہے۔ کیونکہ ان میں سے کسی بھی ایک کا فائدہ دونوں کا فائدہ اور نقصان بھی دونوں کا برابر کا نقصان ہوتا ہے۔ اس سے زیادہ اور کوئی رشتہ وفادار نہیں ہو سکتا۔

(چند نا کام لوگوں کو چھوڑ کر)

اکثر لوگوں کو پرانے افیئرز اور دوستیاں مستقبل میں ڈراونے خواب لگنے لگتے ہیں۔ اس لیئے خود کو اس حد تک بھی گرنے مت دیں کہ آئندہ آپکو پرانے رشتوں یا دوستوں کے ہاتھوں بلیک میل ہونا پڑے۔ اور شرمساری اٹھانی پڑے۔

رہ گئی بات پرانے لوگوں کی (جن سے آپ کے کبھی افیئرز رہے تھے) انکے سامنے آنے پر ان سے کیسا رویہ رکھنے کی، تو انہیں ہمیشہ اسی طرح ملیئے جیسے آپ بھی عام لوگوں سے ملتے ہیں۔ کیونکہ وہ اگر آپ کے لیئے اب بدنامی کا باعث ہو سکتے ہیں تو آپ بھی انکے لیئے اتنے ہی زہریلے اور بدنامی کا باعث بن سکتے ہیں۔ لہذا دونوں جانب سے اپنی عزت اپنے ہاتھ میں رکھنی چاہیئے۔

جس بات پر اللہ نے پردہ اور وقت نے مٹی ڈال دی ہے تو آپ بھی ان گڑھے مردوں کو خوامخواہ اکھاڑنے کی کوشش مت کریں۔

جب آپ ان کے لیئے خاص نہیں رہے تو آپ انہیں اپنے دماغ پر کیوں مسلط رکھنا چاہتے ہیں۔

پرانی غلطیوں اور بیوقوفیوں پر اللہ سے معافی طلب کیجئے اور خود کو اللہ کے احکامات کی جانب متوجہ کیجئے۔ وہی ہمیں بہترین راستہ دکھانے والا ہے۔ وہی ہمارا سچا دوست ہے۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

اصغر، سیکرٹری زراعت قمبر دشتی اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر شاہنواز علی بھی موجود تھے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بلوچستان کے زرعی مستقبل کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے جبکہ وفاقی حکومت کے بلین ٹریز پروجیکٹ کو ایگریکلچر اسٹریٹیجی سے لنک کر کے زرعی ترقی کی بہتری کیلئے استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بلوچستان میں زراعت، مالداری اور فشریز میں ترقی کے بے پناہ مواقع موجود ہیں ان شعبوں کی ترقی کیلئے درست سمت میں اقدامات کی ضرورت ہے۔ دستیاب آبی وسائل کا درست اور محتاط استعمال پائیدار زرعی ترقی میں معاون ثابت ہوسکتی ہے۔

شال بقیہ 2

استوالہ آئی لینڈ ہے جو کہ نیشنل پارک ہے جسے کسی بھی صورت نہیں لیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی جزیروں کو منصوبوں کے لئے استعمال کیا گیا سندھ حکومت، کے پی ٹی، پورٹ قاسم نے ماضی میں بھی ایل این جی ٹرمینل جزیرے پر ہی بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے عوام سے جو وعدے کئے انہیں پورا کیا جارہا ہے، کوئٹہ میں کینسر ہسپتال، نواں کلی میں ہسپتال کی تعمیر کا کام شروع ہونے، فاطمہ جناح ہسپتال کو ٹیچنگ ہسپتال کا درجہ دینے، کوئٹہ میں ارلی چائلڈ کیئر کا منصوبہ شروع کرنے کے بعد بی ایم سی میں امراض قلب کے ہسپتال کی تعمیر کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا جلسے جلوس کرنا غیر سنجیدہ عمل ہے کیا اپوزیشن کے رہنماء اپنے خاندانوں اور عزیز واقارب کو کورونا وائرس پھیلانے والے جلسوں میں شریک کریں گے۔

شال بقیہ 3

بلوچستان کے قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں کے ساتھ مل کر بلوچستان کو ترقی وخوشحالی دینے کے بجائے اپنے دور حکومتوں میں تجربہ گاہ بنایا گیا تھا اور بلوچستان کے حقوق کے دعویداروں نے عوام اور صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے نہیں صرف اپنے ذاتی مفادات حاصل کر رہے تھے موجودہ صوبائی حکومت واحد صوبائی حکومت ہے جو صوبے کے حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کر رہا ہے وفاق بلوچستان کو اس کے حصہ سے زیادہ حصہ دے رہا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نام نہاد مسترد شدہ قوم پرست اور مذہبی جماعتیں جو کہ کل تک تو ایک دوسرے پر فتوئی جاری کر رہے تھے لیکن آج جب انکے مفادات کا وقت تو وہ سب کچھ بلا کر ایک پلیٹ پر اکھٹے ہوئے ہے اس سے ثابت ہورہا ہے۔

شال بقیہ 4

ایس سال ساکن کچلاک، بی بی شاہ بنت فتح خان عمر آٹھ سال، بی بی زبیدہ بنت فتح خان عمر دو سال، عصمت خان ولد فتح خان عمر سات سال، تیمور شاہ ولد فتح خان عمر پانچ سال جاں بحق ہوگئے، جب کہ ان کا والد فتح محمد ولد امیر محمد قوم دوتانی ساکن کچلاک اور بیٹی پھلوشہ بنت فتح محمد زخمی ہوگئے۔ افسوسناک حادثہ میں جاں بحق وزخمی افراد کراچی سے کوئٹہ کی طرف سفر کررہے تھے ان کی گاڑی کو کراڑوں کے قریب حادثہ پیش آیا، فتح محمد دوتانی کی بیوی، دو بچیاں اور دو بچے جھلس کر موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع پر لیویز فورس لائن انچارج محمد موسیٰ کی سربراہ میں موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا، اور گاڑی کی آگ کو بجھانے میں کامیاب ہوئے، چونکہ جائے وقوعہ شہری علاقوں سے دور ہونے کی وجہ سے امدادی کارروائی میں وقت لگا اور انسانی جانیں ضائع ہوگئیں۔

شال بقیہ 5

،اداروں کی ایک دوسرے کے معاملات میں مداخلت سے ملک میں انارکی پیدا ہوگی، پاکستان جمہوری تحریک میں شامل جماعتیں احتجاج، جلسے جلوس پر متفق تاہم استعفے آخری مرحلہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔ سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ نہ ہم نے حکومت گرانے کی کوشش کی اور نہ ہی بچانے کی کوشش کی ہمارے سنجیدہ مسائل جس کیلئے بحیثیت بلوچستانی میں ہم نے کوشش کی، انہوں نے کہا کہ یہاں پر کوئی حکومت نہیں گراتا تاہم حکومت گرائی جاتی ہے لیکن کاش یہ اختیار پارلیمنٹرین کے پاس ہوتا تو یہاں حکومتیں ان کی مرضی سے بنتی اور گرتی بھی ان کی مرضی سے لیکن ہم سب کو پتہ ہے کہ یہاں حکومتیں بنائی بھی جاتی اور گرائی بھی جاتی ہے، پی ڈی ایم کا مقصد حکومت گرانا نہیں بلکہ اس حکومت کی نااہلیوں کو عوام کے سامنے لانا ہے ،سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری بنتی ہے۔

شال بقیہ 6

ایم جلسے پر بلوچستان حکومت کو اعتراض نہیں جلسے کے حوالے سے ہمارے 28 نکات ہیں پی ڈی ایم قیادت کی ذمہ داری بھی بڑھ گئی ہے بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کی وجہ سے ماضی میں خوف کا عالم رہا ہے سیاسی رہنماؤں پر دہشتگرد حملے بھی ہوئے ہیں ہم نے جلسے میں نہ رخنہ ڈالا ہے اور نہ ڈالیں گے آئندہ جب بھی جلسے ہوں گے ہم انہیں ہر طرح سے سہولت فراہم کریں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کووڈ کے کیسز میں 80 فیصد کمی آئی ہے جلسہ سے کیسز میں اضافے کا خدشہ ہے، پی ڈی ایم کے قائدین تو این 95 ماسک لگا رہے ہیں مگر کارکنوں کو ہم نے نہیں دیکھا ہمیں خدشہ ہے کہ پی ڈی ایم کے جلسے کے شرکاء اپنے ساتھ کورونا لائیں گے پہلے بھی کورونا کی وجہ سے بلوچستان بہت متاثر ہوا ہے صوبے میں آٹھ لاکھ ڈیلی ویجز بے روزگار ہوئے اگر خدانخواستہ کورونا پھیلا تو بلوچستان کے عوام متاثر ہوں گے کورونا کے پھیلنے کے اثرات بلوچستان کے عوام کو بھگتنا پڑے گا انہوں نے کہا کہ 4 سال پہلے کوئٹہ میں شام سے پہلے لوگ گھروں کو جاتے تھے اب جب امن بحال ہوا ہے تو پی ڈی ایم کو کوئٹہ کی یاد آگئی ماضی میں وزرائے اعلیٰ پر حملے ہوتے رہے ہیں امن وامان کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔

شال بقیہ 7

خوشحالی کیلئے جامع ٭ موثر وحقیقی پلان پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائے ٭ صوبے کے تمام اضلاع میں پہلی بار یکساں ترقی کو یقینی بنایا گیا عوام کو صحت تعلیم اور کھیل کی بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ کرونا اور معاشی مشکلات کے باوجود عوام کے مسائل کا موثر حل نکالا گیا۔ امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے تمام اداروں نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ جام کمال خان عالیانی کی دن رات محنت اور اداروں کے موثر اقدامات سے صوبہ اب ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ حکومت کو عوام کا مکمل اعتماد حاصل ہے جس کو پرفریب نعروں سے ٹھیس نہیں پہنچایا جاسکتا کیونکہ موجودہ حکومت جی حضوری کرتی ہے تو عوام کی اور عوامی مسائل کے حل کرنے کی جو عوام کا حکومت پر حق بھی ہے کیونکہ عوام نے اعتماد کا اظہار کر کے اپنے نمائندوں کو انتخابات میں کامیاب کیا۔

شال بقیہ 8

کریں لیکن کورونا کے پھیلاؤ کے سبب شائد وزیر اعظم اس تجویز پر عمل نہ کریں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کشمیریوں کے سفیر بن کر پوری دنیا میں کشمیریوں کی آواز بن رہے ہیں آج بھارت سرکار نے کشمیر کو تقسیم کرنے کے اوچھے ہتھکنڈے کو کشمیریوں سمیت کوئی بھی ماننے کو تیار نہیں ہے وزیر اعظم عمران خان کے کامیاب وژن سے بھارتی وزیر اعظم مودی بوکھلا گیا ہے اور کشمیر کی آزادی کو سلب کرنے کی مزموم سازش تیار کرلی انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ایک دن ضرور پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا۔

شال بقیہ 9

خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس سلسلے میں کسی صورت میں کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا سی ٹی ایس پی والے پاس امیدواروں کے کام میں بھی لگے ہوئے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ میری کوشش ہے کہ محکمہ تعلیم میں مزید بہتری لاؤں اور اسکولوں میں جدید ٹیکنالوجی کو لایا جائے انہوں نے مزید کہا کہ ہم اپنے عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے بھی کوشاں ہیں اور اپنے عوام کو بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے ان کے بنیادی مسائل حل کر رہے ہیں اور اپنے حلقے کے عوام کے بنیادی مسائل سے بخوبی واقف ہوں انہیں حل کرانے کے لیے موثر طور پر اقدامات کر رہا ہوں۔ کیونکہ مجھے اپنے حلقے کے عوام کا مفاد عزیز ہے اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم کو عوام کے اپنے مسائل کے حل کے لیے درخواستیں دیں انہوں نے ان کے مسائل سنے اور حل کرانے کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 10

خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ گورنر ہاوس میں گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وفاقی وزیر منسٹری آف نیشنل فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ فخر امام، صوبائی وزراء ٭ میر سلیم خان کھوسو، نور محمد دمڑ، چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ فضیل اصغر، سیکرٹری زراعت قمبر دشتی بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان نے صدر کو بتایا کہ صوبے بھر میں ایس او پیز کے تحت صوبے بھر کی تمام پبلک یونیورسٹیوں میں درس وتدریس کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے صدر مملکت عارف علوی کو بتایا کہ بلوچستان میں اس وقت کورونا وائرس کا تناسب 1 اشاریہ چار سے اشاریہ پانچ فیصد تک ہے، صوبے میں اسوقت کورونا وائرس میں پندرہ اضلاع انگیج ہیں اور پازیٹو کیسز کی موجودہ تعداد 213 ہے۔ صدر مملکت عارف علوی نے بلوچستان میں کورونا وائرس کی روک تھام کیلئے حکومت کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بحیثیت ذمہ دار قوم کے ہمیں احتیاطی تدابیر کا دامن تھام کر رکھنا ہے اور کورونا وائرس کی روک تھام اپنا اجتماعی اور انفرادی کردار ادا کرنا ہے۔

شال بقیہ 11

رکھا جائے بلکہ مسلسل خواتین اور بچیوں کو اس مرض کے بارے میں شعور دیتے رہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاوس کوئٹہ میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بیگم گورنر بلوچستان ڈاکٹر ثمینہ امان، ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور ڈاکٹرز سمیت خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ خاتون اول ڈاکٹر ثمینہ عارف علوی نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ اگر کوئی خاتون بریسٹ کینسر جیسے مرض میں مبتلا ہوجائے تو اس سے سارا خاندان متاثر ہوجاتا ہے اور گھر کا سارا انظام درہم برہم ہوجاتا ہے۔

شال بقیہ 12

ایک جمہوری احتجاج ہے، میں نے کہا ان کو کرنے دو، آئی جی سندھ کے اغوا کا سن کر مجھے ہنسی آئی ہے، قوم سے کہتا ہوں، یہ سارے لوگ دشمن لابی سے پوری طرح ملے ہوئے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ ان سب کا زور ہے کہ عمران خان ان کے کرپشن کو چھوڑ دے اس لیے جمع ہوگئے ہیں تاکہ میں بھی مشرف کی طرح دباؤ میں آکر ان کو این آر او دوں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ مجھ سے پہلے اسحٰق ڈار، شہباز شریف کا بیٹا بھاگا اور نواز شریف کے بیٹے بھی باہر ہیں، ان سے کوئی پوچھتا ہے تو کہتے ہیں ہم برطانوی شہری ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ لندن میں وہ مہنگے ترین علاقے میں موجود ہیں اور اس لیے بھاگے ہیں کیونکہ ان کے پاس جائیداد کا کوئی جواب نہیں ہے۔ عمران خان نے کہا کہ پہلے میرے پیچھے پڑے تھے لیکن اب فوج کے پیچھے پڑگئے ہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ برٹش ورجن نے اپنے خط میں واضح کیا ہے کہ برطانیہ میں ان کی چاروں فلیٹس کی مالکن مریم نواز ہیں اور اس پر کوئی جواب نہیں آیا۔

شال بقیہ 13

قرم کی جانب سے منصوبے پر کام کا آغاز ہوگیا ہے حکومت بلوچستان کی جانب سے سمارٹ سٹی گوادر اور کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور گوادر کے شہریوں کو بنیادی سہولیات آبنوشی کا مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل کرنے اور آب رسانی کا نظام بہتر بنانے کیلئے کوششیں جاری ہیں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے دفتر سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق شجزانی ڈیم متاثرین کیلئے کمیٹی قائم کردی گئی ہے اسسٹنٹ کمشنر پسنی چیئرمین معاوضہ کمیٹی، ایگزیکٹیو انجینئر ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کو سیکرٹری اور سٹلمنٹ افسر مکران ڈویژن، ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر گوادر، ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر گوادر، اور شجزانی ڈیم کی سائٹ سے متاثرین کے نمائندے کو کمیٹی ممبران میں شامل کیا گیا ہے کمیٹی کی جانب سے عنقریب سروے کے بعد متاثرین کے معاوضوں کے لئے لائحہ عمل مرتب کیا جائیگا، دریں اثناء بلوچستان عوامی پارٹی کے ڈسٹرکٹ صدر میر یعقوب بزنجو اور جنرل سیکریٹری نعمت اللہ ہوت نے گوادر کی ترقی کیلئے اہم منصوبوں کی منظوری پر وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کے دور میں ضلع گوادر میں تعمیر وترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگیا ہے۔

شال بقیہ 14

انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی آب وہوا اور زمین حیوانات کے لیے بہت موزوں ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بہت سی چراگاہ موجود ہیں جو شعبہ لائیو اسٹاک کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرسکتی ہیں۔ اس موقع پر سیکرٹری لائیو اسٹاک بلوچستان محمد طیب لہڑی ایڈیشنل سیکرٹری عنایت اللہ کاکڑ ڈی جی ریسرچ کامران اختر پنجاب کے سیکرٹری اور ڈی جی بھی موجود تھے اس موقع پر صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان اور وزیر لائیو اسٹاک پنجاب نے بلوچستان میں لائیو اسٹاک کی پیداواری صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کے لئے پرائیویٹ سیکٹر کی ترویج کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اور جوائنٹ کیوالیشن پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں مشترکہ طور پر بلوچستان کی بھاگ ناڑی نسل اور ساہیوال بریڈ پر کام کریں گے تاکہ دونوں نسلیں ایک دوسرے کے صوبے میں متعارف کروایا جائے جس سے فائدہ اٹھایا جاسکیں۔

شال بقیہ 15

کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گنداواہ کے مختلف وفود سے ملاقات کرتے ہوئے کیا وفد کی قیادت بلوچستان عوامی پارٹی کے جھل مگسی کے جنرل سیکرٹری میر محمد اسلم کر رہے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ضلع جھل مگسی میں عوامی امنگوں کے مطابق ترقیاتی اسکیمات پر عمل پیرا ہیں اور ترقیاتی اسکیمات کا جال بچھا دیا گیا ہے جن کی تکمیل سے علاقہ مزید خوشحال ہوگا انہوں نے کہا عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہیں اور ضلع کے تمام بنیادی مسائل سے بخوبی واقف ہیں اور انہیں حل کرانے کے لیے دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے موثر طور پر اقدامات کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ ہر دور میں عوام کی خدمت کی ہے اور عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں مگسی خاندان نے بلا رنگ ونسل عوام کے فلاح وبہبود کے لیے اپنی خدمات دیں ہیں جس کی وجہ سے ضلع کے عوام مگسی خاندان کی کارکردگی سے مطمئن ہیں۔

شال بقیہ 16

منصوبے سے ساگرہ، ڈھوک محمد جان، ڈھوک بابا آزاد، باغوں والی، محلہ مصطفیٰ آباد اور ڈھوک موچیاں کے عوام مستفید ہوسکیں گے۔ غلام سرور خان نے کہا کہ اس علاقے کا دیرینہ مطالبہ آج پایہ تکمیل تک پہنچا اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بنیادی سہولتوں سے مستفید ہونا آپ کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ کا نمائندہ ہوں یہ ہمارا فرض ہے کہ آپ کو تمام بنیادی سہولتیں مہیا کی جائیں اس کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس پورے علاقے میں گیس، بجلی اور دیگر سہولتوں کی فراہمی میرا مشن ہے۔

شال بقیہ 17

لوگ سراپا احتجاج نہ ہو، حکومت مستعفی ہوں ورنہ انہیں گھر بھیجنے کے ہمارے پاس بے شمار آپشنز ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ پی ڈی ایم کے اب تک صرف دو جلسے ہوئے لیکن پہلے سے ہی حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے اب کوئٹہ میں جلسہ ہوگا جو تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہوگا، انہوں نے کہا کہ بقول عمران خان کے وہ منتخب وزیر اعظم ہیں تو ڈر کیوں رہے ہیں، پی ڈی ایم سے پوری کابینہ پریشان ہے اور انتقام کی سیاست پر اتر آئی ہے، انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ موجود ہے مگر صدر ہاؤس آرڈیننس کی فیکٹری بنا ہوا ہے آرڈیننس کے ذریعہ سندھ اور بلوچستان کے جزائر وفاق کی تحویل میں دے دیئے کیا یہ اٹھاویں ترمیم کی خلاف ورزی نہیں، جس طرح سندھ میں چادر اور چاردیواری کا تقدس وفاق نے پامال کیا اتنی بڑی شخصیت محفوظ نہیں تو عام شہری کی کیا حالت ہوگی۔

شال بقیہ 18

والے پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کے لئے بلوچستان پہنچ گئے ہیں مولانا فضل الرحمن جمعہ کو خضدار پہنچے جہاں انہوں نے مختصر قیام کیا جبکہ وہ جمعہ کی شب قلات پہنچ گئے جہاں وہ قیام کرنے کے بعد ہفتہ کو کوئٹہ پہنچیں گے مولانا فضل الرحمن اتوار کو پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کرنے کیساتھ ساتھ پی ڈی ایم اور جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔

شال بقیہ 19

سیاسی جماعتوں کے قائدین کی جانب سے عوام کو جلسہ میں شرکت کے لئے پمفلٹس بھی تقسیم کئے جارہے ہیں تفصیلات کے مطابق پاکستان جمہوری تحریک کے زیر اہتمام کل بروز اتوار 25 اکتوبر کو کوئٹہ کے ایوب اسٹیڈیم میں جلسہ عام کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہے اس سلسلہ میں سیاسی جماعتوں کی جانب سے جلسہ عام میں عوام کی شرکت کے لئے پمفلٹس تقسیم کئے جارہے ہیں شہر کی مختلف شاہراؤں گلی کوچوں میں سیاسی جماعتوں کی جانب سے جھنڈے بینرز آویزاں کئے گئے ہیں بلکہ مختلف داخلی شاہراؤں پر استقبالیہ کیمپس بھی قائم کئے گئے ہیں سیاسی جماعتوں کے قائدین کی جانب سے پمفلٹس بھی تقسیم کئے جارہے ہیں جلسہ کے حوالے سے صوبائی حکومت کی جانب سے سیکورٹی انتظامات سمیت ٹریفک پلان بھی ترتیب دے دیا گیا ہے بلکہ جلسہ گاہ میں داخلی گیٹس پر عوام میں سینی ٹائزر اور ماسک بھی تقسیم کئے جائیں گے۔

شال بقیہ 20

گرانے کے لئے آپ نے ہمارے نمائندوں کو ووٹ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے لوگوں سے روزگار اور گھر چھینا ہے، عمران خان اداروں اور صوبوں کو تباہ کر رہا ہے، ہم یہاں مزید بے روزگاری اور معاشی بدحالی نہیں دیکھنا چاہتے۔ انہوں نے کہا کہ آپ پوری دنیا کو بتائیں کہ ہمارا منشور آپ کے مطالبات پر مبنی ہے، آپ دنیا کو بتائیں کہ آپ کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق ہمیں حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام اور پیپلز پارٹی کا رشتہ اعتماد اور بھروسے کی بنیاد پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور بی بی شہید نے آپ سے متعلق جو خواب دیکھا تھا اسے ہم پورا کریں گے، ہماری جماعت ہمیشہ محروم اور پسماندہ طبقے کی آواز ہے۔

شال بقیہ 21

فیصلے کے بعد عارف علوی صدر کے عہدے پر فائز رہنے کا جواز کھو بیٹھے ہیں، تفصیلی فیصلے سے حکومت کی معزز جج کو متنازعہ بنانے کی سازش بے نقاب ہوگئی ہے، ایک مرتبہ پھر ایک ادارے نے انصاف کے سلیکٹڈ سسٹم پر بات کی ہے، پوری قوم نے دیکھا کہ کس انداز سے ایک معزز جج پر دباؤ ڈالنے کے لئے انکی اہلیہ کو ایف بی آر کے چکر کاٹنے پر مجبور کیا گیا۔ نفیسہ شاہ نے کہا کہ شہزاد اکبر کا ایسیٹ رکوری یونٹ غیر قانونی ثابت ہوا ہے۔

شال بقیہ 22

بیان میں کہا کہ نیشنل پارٹی لائر فورم ملک کے اندر حقیقی معنوں میں جمہوریت کی بحالی آئین وقانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے بیان میں کہا کہ نیشنل پارٹی لائر فورم پی ڈی ایم کے جلسہ میں بھرپور شرکت کریگی بیان میں تمام پارٹی وکلا کو ہدایت کی ہے وہ جلسہ میں بھرپور شرکت کریں۔

شال بقیہ 23

خواتین نے کہا تھا ان کے جسم پر تشدد کے نشان تھے، کراچی میں دروازوں پر جو ٹھوکریں ماری گئیں وہ پولیس والوں کی ٹانگیں نہیں تھیں، پولیس والوں کی ٹانگیں کمزور ہوتی ہیں وہ ٹھوکریں مضبوط پاؤں والوں کی تھیں، ہمارے ملک میں آئین توڑنا رواج ہے، ڈی جی آئی ایس آئی سے درخواست کرتا ہوں کہ کراچی واقعہ کا نوٹس لیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی کے حوالے سے کوئی بات نہیں کروں گا، چیف آف آرمی سٹاف نے انکوائری کا حکم دیا ہے۔

شال بقیہ 24

پارٹی میں شمولیت کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی اس موقع پر صوبائی جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ، شریف خان خلجی، میر ولی محمد قلندرانی، حیات خان اچکزئی ملک ذیشان سعید آغا اور دیگر بھی موجود تھے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ حکومتی ترجمان کی بات مان لیتے ہیں کہ ہمارے جلسے میں تین ہزار لوگ ہونگے عمران خان کہتے تھے کہ اگر پانچ سو لوگ بھی میرے خلاف نکل آئے تو میں مستعفی ہوجاؤں گا ہم پھر بھی 25 سو لوگ زیادہ لا رہے ہیں اس لئے عمران خان کو چاہئے کہ وہ اخلاقی طور پر مستعفی ہوجائیں حکومتی ترجمان 25 کی رات کو معلوم کریں کہ جلسے میں کتنے لوگ تھے ترجمانوں کو اپنی نوکریاں جاتی ہوئی نظر آرہی ہیں جس کی وجہ سے وہ بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔

شال بقیہ 25

ارباب کامران نے 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والے پی ڈی ایم کے جلسے کے پیش نظر ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کردی انہوں نے شعبہ سرجری، انیستھیسیا، نیوروسرجری کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کے پیش نظر ڈاکٹروں اور عملے کی موجودگی اور آپریشن تھیٹر کی تیاری کو یقینی بنائی ہیں جبکہ پیرامیڈیکس، ادویات کے متعلقہ شعبہ جات کو بھی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

شال بقیہ 26

سپیئر پارٹس اینڈ میکینک ایسوسی ایشن کے انجمن تاجران بلوچستان میں شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے نائب صدر حاجی اسلم ترین انجمن تاجران چمن کے چیئرمین اور چمن پرلٹ کے آرگنائزر اسلم اچکزئی احسان الدین خلجی سید شاہ اللہ آغا بسم اللہ ترین ولید خان توخئی نے بھی خطاب کیا اس موقع پر صدر محمد جان افغان ویش نے باقاعدہ انجمن تاجران بلوچستان میں شمولیت کا اعلان کرکے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارا مقصد تاجروں کی خدمت ہے۔

شال بقیہ 27

ہورہا ہے۔ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری اور لاقانونیت نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے ملازمین، کلرک، اساتذہ، طلباء، ینگ ڈاکٹرز اور ہر طبقہ سراپا احتجاج ہے۔ لوٹ مار سے پاک، دیانتدار، عوامی خدمت سے سرشار ہونے کی وجہ سے جماعت اسلامی ہی بہترین متبادل ہے۔ ہم انشاء اللہ بلوچستان کو مسائل سے نکال کر ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت واپوزیشن عوامی مسائل حل کرنے، مہنگائی، بدعنوانی کے خاتمے، نفاذ اسلام کیلئے ایک ہوتے یا اپوزیشن انہی عوامی مسائل کے حل کیلئے احتجاج کرتی یا پارلیمنٹ میں عوامی مسائل وپریشانیوں کیلئے آواز بلند کرتی تو آج مسائل میں کمی ضرور ہوتی بدقسمتی سے حکومت واپوزیشن کا ایجنڈا عوامی مسائل ہے ہی نہیں۔

شال بقیہ 28

دورے پر کوئٹہ پہنچیں گی انکے ساتھ سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی، مسلم لیگ (ن) کے جنرل سیکرٹری احسن اقبال، مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب بھی ہونگی دورہ کوئٹہ کے موقع پر وہ اہم سیاسی شخصیات سے ملاقات بھی کریں گی جبکہ اس موقع پر اہم سیاسی شخصیت کی شمولیت بھی متوقع ہے۔

شال بقیہ 29

ہوٹل کے قریب تیز رفتاری کی باعث گاڑی الٹنے سے سید مراد شاہ نامی شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 30

تین کان کن زخمی ہوگئے، لیویز کے مطابق جمعہ کو ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں جھالاوان کے علاقے میں کان کنوں کی گاڑی سڑک کنارے نصب بارودی سرنگ سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں تین مزدور علی محمد ولد حاجی موسیٰ، حیات اللہ ولد محمد شاہ، احمد اللہ ولد شائستہ زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد فراہم کرنے کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیکر حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی۔

شال بقیہ 31

میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹرز نے ایک سال کے دوران 6 ہزار سے زائد حادثات میں 8 ہزار سے زائد زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی، تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے 9 اضلاع کوئٹہ، مستونگ، قلات، خضدار، لسبیلہ، پشین، قلعہ سیف اللہ، ژوب اور شیرانی میں قومی شاہراہوں پر رونما ہونے والے حادثات کی صورت میں فوری طبی امداد فراہم کرنے کے لئے قائم کئے گئے 14 سینٹرز نے گزشتہ ایک سال کے دوران کل 6464 حادثات کے دوران 8309 افراد کو طبی امداد فراہم کی ان حادثات میں 152 افراد جاں بحق ہوئے جبکہ قومی شاہراہوں پر 3533 افراد کو او پی ڈی سہولت بھی فراہم کی گئی۔

شال بقیہ 32

کہا ہے کہ قائد اعظم ہم آپ سے بہت شرمندہ ہیں۔ وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے کہا کہ مزار قائد کی بے حرمتی کو ہفتہ گزر گیا ہے مگر اب تک اظہار ندامت کے دو جملے ادا نہیں کیے گئے۔ علی زیدی نے کہا کہ قائد اعظم آپ کو بتانا چاہتے ہیں کہ وزیر اعظم عمران خان ان کے تعاقب میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان ان اوباشوں سے آپ کا پاکستان پاک کر کے ہی دم لیں گے۔

شال بقیہ 33

ایوان کو مفلوج کردیا، اگر ان پر دباؤ ہے تو وہ اپنی کرسی چھوڑ دیں، اسپیکر کی وجہ سے قومی اسمبلی میں ایک ہفتے سے مہنگائی پر بات نہیں ہوسکی۔ ورکرز کنونشن سے خطاب میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ اسپیکر کی وجہ سے قومی اسمبلی میں ایک ہفتے سے مہنگائی پر بات نہیں ہوسکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر اسد قیصر اسمبلی چلاتے ہی نہیں ہیں، اگر ان پر دباؤ ہے اور آپ کو کام نہیں کرنے دیا جاتا تو آپ گھر جائیں۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ قوم کی بدقسمتی ہے کہ اسے یہ حکمران ملے ہیں، جب تک ملک آئین کے مطابق نہیں چلے گا، یہاں ترقی نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آج کوئی بولنے کے لیے تیار نہیں تاہم مسلم لیگ (ن) ضرور بولے گی، انہوں نے کہا کہ پرویز مشرف کے دور میں بجلی کا کوئی منصوبہ نہیں لگایا گیا۔ سابق وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ آج کا نوجوان سوچ رہا ہے کہ کیا ان کا مستقبل بھی ماضی جیسا ہوگا؟ جب کہ بزرگ سوچتے ہیں کہ 60 سال گزر گئے ہیں۔

شال بقیہ 34

قیمتیں کم ہوجائیں گی، اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد پی ڈی ایم کے ایجنڈے کے ساتھ پیپلز پارٹی نہیں چلے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا کہ پی ڈی ایم میں پیپلز پارٹی کا کردار مختلف ہوگا۔ شیخ رشید نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان جلد بحرانوں سے نکل جائیں گے، سال چھ مہینے میں تمام کیسز کا فیصلہ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے دور میں لوٹ مار کے اثرات روپے پر پڑے ہیں۔ شیخ رشید نے دعویٰ کیا کہ 31 دسمبر تک چینی اور آٹے کی قیمتیں کم ہوجائیں گی۔

شال بقیہ 35

کہ پاکستان کا پہلا نیٹ فلکس کی طرز کا ورژن لانچ ہونے جارہا ہے۔ فواد چوہدری نے ٹوئٹر پر جاری بیان میں بتایا کہ پاکستان کا پہلا او ٹی ٹی لانچ ہونے جارہا ہے، (نیٹ فلکس کی طرز پر) ہم نے ٹیکنالوجی کا معاملہ حل کرلیا ہے۔ فواد چوہدری نے اپنے بیان میں کہا کہ پیمرا کو کہا ہے کہ وہ مواد پر گائیڈ لائن تیار کرلے، جوں ہی پیمرا کی گائیڈ لائن ملتی ہے ہم پرائیویٹ کمپنیز سے کہیں گے کہ ہمارے ساتھ ملیں اور او ٹی ٹی سروس شروع کریں۔

شال بقیہ 36

عہدیداران، ضلع کوئٹہ کے کابینہ اراکین اور پشتون ایس ایف ونیشنل یوتھ آرگنائزیشن کے صوبائی عہدیداران نے شرکت کی اجلاس میں پی ڈی ایم جلسے کے حوالے سے تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اہم فیصلے کئے گئے اجلاس میں پی ڈی ایم 25 اکتوبر کے جلسے کے سلسلے میں مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئیں اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اصغر خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ پی ڈی ایم میں ملک کی تمام حقیقی عوامی اور جمہوری دوست سیاسی جماعتیں شامل ہیں اپنے عوام کی خدمت اور انہیں درپیش مسائل کا حل ہماری سیاست کا محور ومقصد ہے بدقسمتی سے اس وقت ملک پر ایسے لوگوں کی حکمرانی ہے جنہیں نہ تو عوامی مسائل سے کوئی دلچسپی ہے اور نہ ہی ان میں اتنی اہلیت ہے کہ وہ درپیش مسائل اور بحرانوں کا مقابلہ کرسکیں۔

شال بقیہ 37

پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کارکن، جمہوریت پسند اور عوام کی حاکمیت اعلیٰ پر یقین رکھنے والے لوگ 25 اکتوبر کو پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے تحت جمہوریت اور پارلیمان کی مضبوطی، ووٹ کی بالادستی کیلئے ہونے والے جلسہ میں بھرپور شرکت کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جبر کا نظام رائج ہے جہاں اظہار رائے پر پابندی عائد کر کے ملک کو جیل میں تبدیل کردیا گیا ہے اور ریاستی نظام غاصبوں اور چور دروازے سے اقتدار پر قبضہ کرنے والوں کے ہاتھوں میں ہے اور یہ چاہتے ہیں کہ اقتدار پر ان کا جعلی اور مصنوعی قبضہ برقرار رہے اس کیلئے ملک کو مزید تباہی اور بربادی کی طرف دھکیلا جارہا ہے۔

شال بقیہ 38

تحریک انصاف کی حکومت عوام کو انصاف دلانے اور بنیادی مسائل کو حل کرنے میں ناکام ہوچکا ہے مہنگائی وبیروزگاری کا جن قابو سے باہر ہے عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول تک ناممکن ہوگیا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت پاکستان کی ناکام ترین حکومت ثابت ہوا ہے خارجہ پالیسی میں ناکامی کے پیش نظر پاکستان دنیا میں اکیلا ہوچکا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے لیے موقع ہے کہ وہ اپنے قومی وسیاسی مقاصد کے حصول کے لیے پی ڈی ایم کی تحریک میں نمایاں کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر موجودہ حکمرانوں کا بس چلتا تو 18 ویں آئینی ترمیم کو اب تک رول بیک کرچکے ہوتے این ایف سی کو آئینی تحفظ حاصل ہے بصورت دیگر کب کا اسے بھی ختم کر کے ہوتے انہوں نے کارکنوں سے کہا کہ اپنی شرکت کو پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جلسہ عام میں یقینی بنائیں اور مثالی ڈسپلن کا بھی مظاہرہ کریں۔ اجلاس سے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی، عطاء محمد بنگلزئی، یاسمین لہڑی، نصیر شاہوانی، نیاز بلوچ، علی احمد لانگو، حنیف کاکڑ، حاجی عبدالصمد رند، عبید لاشاری، ستار بلوچ، محمود رند، دوست محمد لانگو نے بھی خطاب کیا۔

شال بقیہ 39

''کو''کرونا'' کی آڑ میں روکنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ وہ جمعہ کو اپنی رہائشگاہ جامعہ مطلع العلوم میں میڈیا اور مختلف وفود سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ کا جبر ہے کہ خلائی مخلوق کے دباؤ اور ''ٹیسٹ ٹیوب'' باپ بنانے والوں کے حجروں میں بیٹھ کر صوبہ بلوچستان اور ملک کے حقیقی نمائندوں کو جس انداز میں چیلنج کیا جارہا ہے اس لیے ہم بھی جواب آں غزل کے طور پر اس کا جواب دے رہے ہیں۔

شال بقیہ 40

ہے۔ نان بائیوں کے اتحاد کے سربراہ رضا محمد خلجی کے مطابق ہڑتال ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کے روپے اور روٹی کی نئی قیمت مقرر نہ کرنے کے خلاف کی جارہی ہے انہوں نے کہا ہمارا مطالبہ ہے کہ روٹی کی قیمت 20 روپے سے بڑھا کر تین سو بیس گرام روٹی کا نرخ 30 روپے مقرر کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ ہڑتال سے قبل ہم دو سو گرام روٹی 20 روپے میں فروخت کر رہے تھے جس کی وجہ سے ہمیں نقصان ہو رہا تھا کیونکہ گزشتہ دو سالوں میں آٹا کافی مہنگا ہوگیا ہے۔

شال بقیہ 41

چوک، برما ہوٹل، سریاب کسٹم، اسپنی روڈ چوک، بروری روڈ، خیزئی چوک، عالمو چوک، نواں کلی پہلا سٹاپ، اور دیگر مقامات پر کیمپس کے افتتاحی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاریخ ساز جلسے کے خلاف افواہیں پھیلانے والی صوبائی حکومت خوفزدہ ہے عوام کی عظیم الشان شرکت مسند اقتدار پر قابض گروہ کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا اس کیلئے تمام کارکنوں کو دن رات ایک سخت محنت کرنا ہوگی۔

شال بقیہ 42

کے سال کے دوران کئی اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں، اتحاد کوئٹہ سمیت بلوچستان میں آباد اقوام کے درمیان پیار ومحبت کے فروغ اور نفرتوں کے خاتمے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریگا، نوجوان کسی بھی معاشرے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ہمیں نوجوانوں کو تعلیم اور کھیلوں کی طرف راغب کرنا چاہئے تاکہ وہ سماجی برائیوں سے بچ سکیں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں کاسی قومی اتحاد کی پہلی سالگرہ کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں کاسی قومی اتحاد کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کاسی قوم کوئٹہ سمیت ملک کے کونے کونے میں آباد ہے اور قوم بہت سے مسائل سے دوچار ہے۔

شال بقیہ 43

بھی عدم ادائیگی پر 4 زرعی نادہندگان کے ٹرانسفارمرز اتار کر قبضہ میں لے لئے۔ اسی طرح کیسکو چشتین سرکل کے تحت ایگزیکٹو انجینئر شبیر احمد ترین کی زیر نگرانی کیسکو ٹیم نے علی زئی سب ڈویژن کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے 12 نادہندگان کے ٹرانسفارمرز عدم ادائیگی پر اُتار دیئے جبکہ اس دوران 4 غیر قانونی ٹرانسفارمرز بھی اُتار کر قبضہ میں لئے گئے جنہیں کیسکو اسٹور میں جمع کرا دیئے گئے۔

شال بقیہ 44

کے دوران جیسے تیسے کر کے ہم نے وقت گزار لیا، اسکول مالکان سے اُنکی مشکلات کا احساس کر کے تنخواہ بھی نہیں مانگی، اب جب کہ اسکول مالکان والدین سے پچاس فیصد فیس لینے لگے ہیں تو ہمارے بقایاجات بھی ادا کیئے جائیں، اگر اسکول مالکان فیس نہیں لیتے تو ہم بھی اس نقصان کو برداشت کرلیتے، اب جبکہ وہ فیس لیکر بھی اساتذہ کو تنخواہوں سے محروم رکھیں، یہ کہاں کا انصاف ھے؟... متاثرہ اساتذہ نے ڈپٹی کمشنر صاحب سے درخواست کی ھے کہ ہمارے بقایاجات دلوا کر ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے۔

شال بقیہ 45

ڈاکٹر اکبر سولنگی علماء کرام اور سول وانتظامی افسران نے شرکت کی انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی کے جلوس کو مکمل سیکیورٹی فراہم کی جائے گی جلوسوں میں شرکت کرنے والوں پر علماء کرام خصوصی نظر رکھیں ربیع الاول کا مہینہ ہمیں صبر وتحمل کا درس دیتا ہے۔

شال بقیہ 46

مسائل حل کرنا ہے تاکہ بچوں کیلئے حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق معیاری کھانے پینے کی اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنا کر انہیں مضر صحت اشیاء خورد ونوش سے دور رکھنے پر آمادہ کیا جاسکے۔ واضح رہے کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی بچوں کی خوراک کے حوالے سے درپیش مسائل کا ادراک رکھتے ہوئے تعلیمی اداروں میں بچوں کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے اور متوازن غذا کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے خصوصی مہم کے تحت سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کے سربراہان وانتظامیہ کو شعور وآگاہی دی رہی ہے۔

شال بقیہ 47

سیف اللہ طارق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک کا ہم پر عظیم احسان ہے کہ ہمیں نبی پاک ﷺ کا امتی بنایا کیونکہ نبی پاک ﷺ کے صدقے اس امت کو اللہ پاک نے بڑی شان عطا کی ہے، ہمیں چاہیے کہ ہم پیارے نبی ﷺ سے دل وجان سے زیادہ محبت کریں آج کفار مختلف طریقوں سے امت مسلمہ کی دل آزاری کرتے ہوئے جذبات کو مجروح کر رہے ہیں ایسے میں امت کو چاہیے کہ وہ نبی پاک ﷺ کی ولادت کا ایسے شان وعظمت سے منائے کہ کفار کے دل ہل جائیں کہ 14 سو سال گزرنے کے بعد بھی مسلمان اپنے پیارے نبی ﷺ والہانہ محبت کرتا ہے، مقررین نے کہا کہ حکومت وقت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سرکاری سطح پر جشن عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے پروگرامات منعقد کئے جائیں تاکہ مسلمانوں کے دلوں میں نبی پاک ﷺ کی محبت کو اجاگر کیا جاسکے، آخر میں دین اسلام کی بلندی اور ملک کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی۔

شال بقیہ 48

گی۔ اسی طرح 25 اکتوبر (بروز اتوار) صبح مانده گرڈ اسٹیشن کے ایئر پورٹ روڈ، پی اے ایف، ویسٹرن بائی پاس، واسا، گارڈن ٹاؤن، سی ٹی ایس، عمر، افغرگ، کچلاک I اور ٹی پی ایس فیڈروں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں 26 اکتوبر کو مری آباد گرڈ کے طوغی، کوئٹہ سٹی گرڈ کے ملک پلانٹ، صبح مانده گرڈ کے چشمہ اور کچلاک II فیڈروں سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز 132 کے وی ہوشاب گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ صحبت پور اور خانوزئی گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے تا سہ پہر 3 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ زحمت کے لئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت کی گئی ہے۔

شال بقیہ 49

آسمان دنیا پر چمکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ میں ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے ہونے والے مدنی مذاکرے میں بیان کرتے ہوئے کیا۔ امیر اہلسنت نے کہا کہ پیارے آقا ﷺ کے حسن وجمال پر پردے یعنی حجاب ہیں اگر سرکار ﷺ کا حسن وجمال پوری طرح ظاہر ہوجائے تو دنیا والے اس کی ایک جھلک بھی برداشت نہ کرسکیں گے، سرکار ﷺ حسن وجمال میں سب سے بڑھ کر خوبصورت اور اخلاق میں سب سے بڑھ کر اچھے اخلاق والے تھے۔

شال بقیہ 50

ہوئے ناصر صبح اور دیگر نے کہا کہ پارٹی کے مرکزی فیصلے کے مطابق 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والے پی ڈی ایم کے جلسے میں جمعیت کے تمام اقلیتی یونٹ بھرپور شرکت کریں گے تاکہ ملک اور قوم پر مسلط سلیکٹڈ و ناکام حکمرانوں کا خاتمہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سلیکٹڈ حکومت نے غریب عوام کو مہنگائی، بے روزگاری اور اقرباپروری کے سوا کچھ نہیں دیا موجودہ حکومت میں سرمایہ دار اپنے مفادات کا تحفظ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ادویات کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ کر کے غریب عوام کو علاج معالجے سے بھی محروم کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نا اہل حکمرانوں نے اقتدار میں آنے سے قبل ایک کروڑ نوکریاں اور پچاس لاکھ گھر دینے کا وعدہ کیا تھا لیکن حکومت نے عوام کو بے روزگار اور بے گھر کردیا ہے۔

شال بقیہ 51

مینگل کی صدارت کے دوران کیا۔ تفصیلات کے مطابق پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس یو آفس میں ڈپٹی کمشنر جناب سہیل انور ہاشمی کے زیر صدارت ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالرشید ناصر، ڈی ایس ایم فرحان خان کاکڑ، پی ای او ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر منظور ترین، ضلعی کوآرڈینیٹر پی آر ایس پی نظام الدین کاکڑ، ڈی ایل ایس ڈی ایچ کیو امیر محمد ترین، ڈی ایم او انچارج غلام یزدانی ترین اور پیرامیڈیکس کے ضلعی سینئر نائب صدر مسعود خان سمیت تمام بی ایچ یوز کے انچارج جان اور ڈی ایس یو کے عملے نے شرکت کی۔ اجلاس میں صحت سے متعلق سہولیات کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 52

داد دینے کے مستحق ہے ایس ایچ او سٹی سکندر سعید عمرانی نے اپنی تعیناتی سے آج تک سینکڑوں اشتہاری ومفرور ملزمان سمیت موٹرسائیکل چور اور منشیات فروشوں کی گرفتاری کو یقینی بنایا سکندر سعید عمرانی نصیرآباد پولیس میں اپنی بہتر حکمت عملی اور کارکردگی کی بنیاد پر ایک اچھے اور فرض شناس پولیس آفیسر کے طور پر شمار کئے جاتے ہیں ایسے پولیس آفیسر کی علاقے میں امن وامان کو برقرار رکھنے کی خدمات کو بھلایا نہیں جاسکتا اور ان کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کی جائے۔

شال بقیہ 53

خزانوں کو دونوں ہاتھ سے لوٹ کر قوم کی چمڑہ اتار دیئے ماضی میں ان کرپٹ کا احتساب ہوتا تو ملک کی یہ حالت نہ ہوتی ان کی اصلیت پوری دنیا کے سامنے عیاں ہوچکی ہے۔ پی ڈی ایم کا سارا ڈرامہ صرف اپنی کرپشن کا پیسہ چھپانے کیلئے ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ قوم پرست پشتونستان اور نام نہاد مذہب پرست اسلام کے نام پر سودا بازیاں کئے جنگی سیاست اقتدار اور کرپشن کے لیے تھا آج ان کے سیاسی بقا خطرے میں ہے اب اپنے سیاسی ساکھ بچانے کے لیے دھرنوں کی رٹ لگا رہے ہیں۔ پی ڈی ایم کی نہ کوئی نظریاتی وابستگی ہے۔

شال بقیہ 54

شفیق الرحمن ساسولی سجاد زیب بلوچ عید محمد ایڈووکیٹ ڈاکٹر حضور بخش زہری عطاءاللہ موسیانی مولانا محمد اسحاق شاہوانی مفتی عبدالقادر شاہوانی میر اشرف علی مینگل میر عبدالرحیم کرد آغا سمیع اللہ شاہ ماما عبدالرحیم خدرانی ودیگر رہنماؤں نے کی ریلی میں سینکڑوں موٹر سائیکل چھوٹے گاڑیاں اور بہت بڑی تعداد کارکنان کی شامل تھے کارکنان گو نیازی گو کے فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے ریلی چھروک سے شروع ہوا۔

شال بقیہ 55

پیچ (دالیں، چارہ جات) دینے کے ساتھ ساتھ پکا تالاب، پکا چینل پائپ کے ذریعے پانی کو محفوظ طریقے سے ایک جگہ سے دوسرے جگہ لے جانے کی اسکیمات بھی فراہم کی ہیں۔

شال بقیہ 56

رکھا اور بیرونی قرضوں سے عوام کو پریشان کیا موجودہ حکومت بھی اپوزیشن کے نقشہ قدم پر چل رہا ہے انکے پاس قرضوں ادائیگی معیشت کی درستگی بیروزگاری ختم کرنے کا کوئی پروگرام نہیں ھے بی این پی۔ پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی۔ اور نیشنل پارٹی جمیعت۔ ف گروپ اقتدار میں رہیں ہیں ترقی کے کونسے پروگرام ملک اور قوم کو دی ہے۔

شال بقیہ 57

آفیسران میں سے میرٹ کی بنیاد پر تعینات کریں تاکہ قلات شہر میں امن وامان کی بہترین سلسلہ برقرار رہے۔

شال بقیہ 58

لئے ہماری کاوشیں اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ ہم زبانی دعووں پر نہیں بلکہ عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں موقع ملا تو انشاء اللہ انفرادی مفادات کی تکمیل کے بجائے اجتماعی ترقی کا نیا باب رقم کریں گے، سوراب میں جھالاوان عوامی پینل کی جڑیں دن بدن مضبوط ہوتی جارہی ہیں علاقے کے مسائل اور یہاں کے عوام کی مشکلات سے بخوبی آگاہ اور ان کے لئے کوشاں ہیں۔

شال بقیہ 59

نیچاری۔ انفارمیشن سیکرٹری نور احمد نیچاری آفس سیکرٹری ظہور احمد تحصیل صدر حاجی قادر عمرانی تحصیل صدر منتخب سینئر نائب صدر جاوید احمد۔ جونیئر نائب صدر لعل محمد جنرل سیکرٹری محمد فاروق لہڑی۔ ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالقادر نیچاری جوائنٹ سیکرٹری سیف اللہ فنانس سیکرٹری مقبول شاہوانی۔ انفارمیشن سیکرٹری میر دوست لیبر سیکرٹری علی اصغر آفس سیکرٹری محمد احمد۔ اسپورٹس سیکرٹری ظہور احمد علاوہ ونگ کے صدر حافظ زکریا مغل خواتین ونگ کے صدر ماریہ قادر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قلات کے تمام پارٹی ورکرز اور سینئر رہنماؤں کا تہہ دل سے مشکور ہے۔

شال بقیہ 60

کو صرف اپنے مفادات عزیز ہیں ملک اور قوم سے کوئی سروکار نہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو اپنی رہائش گاہ پر پی ٹی آئی کے کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ قوم پرستوں اور مذہب پرستوں نے عوام اور ملک کے لئے کچھ نہیں کیا ہے پی ڈی ایم کے مقاصد سے عوام باخبر ہیں عوام نے پہلے بھی مفاد پرست ٹولے کو رد کیا اب بھی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل ایک قوم پرست جماعت نے اپنے دور اقتدار میں صرف اپنے خاندان کو پروموٹ کیا عوام اور صوبے کے لئے کوئی ترقیاتی کام شروع نہیں کرایا۔

شال بقیہ 61

حوالے سے جماعت اسلامی ضلع خضدار کے امیر اور مدرسہ تفہیم القرآن خضدار کے مدیر مولانا محمد اسلم گزگی کی جانب سے کانفرنس کے لئے تیاریاں اور ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ دنوں انہوں نے متعدد قبائلی وسماجی رہنماؤں سے ملاقات کر کے انہیں کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی۔ جنہوں نے کانفرنس میں شرکت کی دعوت قبول کرلی۔

شال بقیہ 62

بازی کی اسلام میں بھی ہرگز اجازت نہیں ہے ذخیرہ اندوزی گراں فروشی گناہ کبیرہ ہیں ان کا کہنا تھا کہ شہر کے تاجر برادری آئے روز کی بنیاد پر حکومت اور کمپنیوں کی طرف سے خوردہ قیمت پر مناسب خرید وفروخت کو جاری رکھیں انتظامیہ سبزی فروٹ خورد ونوش اشیاء ادویات و دیگر ضروریات زندگی کے استعمال کی چیزوں کے نرخ پر کڑی نظر رکھی ہے تاکہ عوام کو ناجائز اور غیر قانونی طریقے سے تاجر برادری دونوں ہاتھوں سے نہ لوٹ سکیں۔

شال بقیہ 63

مشاورت کے بعد متفقہ طور پر رشید احمد مینگل کو ضلعی صدر منتخب کیا۔ اس موقع پر نومنتخب ضلعی صدر کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے۔ اس موقع پر نو منتخب ضلعی صدر رشید احمد مینگل و دیگر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اساتذہ کرام نے ہمیں جو ذمہ داری سونپی ہے ہم انکے امیدوں پر اترنے کی بھرپور کوشش کرینگے اور اساتذہ کرام اور تعلیم کے حوالے سے درپیش مسائل حل کیلئے دن رات ایمانداری اور لگن کیساتھ کوشاں رہیں گے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔

شال بقیہ 64

دوسروں کے بچوں سے جلسے کروا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام نے پی ڈی ایم کی نام نہاد تحریک کو مسترد کردیا ہے وزیر اعظم عمران خان کرپٹ نظام کے خاتمے کے لئے کوشاں ہیں جس سے ملک لوٹنے والوں کو پریشانی لاحق ہوگئی ہے انہوں نے کہا کہ ایک طرف عمران خان کرپشن کا خاتمہ کر رہے ہیں مگر دوسری طرف پارٹی ہی کا منتخب نمائندہ کرپشن میں ملوث ہے جو ہر مہینے افیسران سے بھاری رقم وصول کر رہا ہے۔

شال بقیہ 65

سمیت معززین شہری نے کثیر تعداد میں شرکت کی، ممتاز قانون دان حاجی میر افتخار خان مرغزانی نے افتتاح کیا تفصیلات کے مطابق معروف تاجر حاجی عبدالحفیظ اور عادل خان کی جانب سے بی کے بائی پاس پر عوام کی تفریح اور سہولت کے لئے ہوٹل اینڈ ریسورٹ کا آغاز کردیا گیا ہے جس میں بچوں کے لئے پارک کی سہولت بھی موجود ہے۔

شال بقیہ 66

دیا اب افغانستان سے اپنا بوریا بستر لپیٹ کر رہے ہیں افغانستان میں اب طالبان کی حکومت ہوگی۔ دنیا کی سپر پاور کہلوانے والا امریکہ افغان سر زمین سے دم دبا کر بھاگنے پر مجبور کرنا یہ مجاہدین اسلام کے عملی جدوجہد اور شہدا کے خون کے نذرانوں کے مرہون منت ہے امریکہ کی شکست سے قبل مجاہدین اسلام نے اسی خطے میں اس وقت کی ایک بڑی طاقت سوویت یونین کا تکبر اور غرور خاک میں ملا دیا گیا تھا۔

شال بقیہ 67

عزت دو کا نعرہ کو مقدس نہیں سمجھا جائے گا اس وقت تک بات آگے نہیں چلے گی ووٹ کو عزت دو کا نعرہ آخری سمجھ کر قبول کرنا ہوگا کیونکہ اس وقت پاکستان کا مستقبل مسلم لیگ (ن) سے وابستہ ہوچکا ہے اور قائد جمہوریت نواز شریف کے بیانیہ سے کوئی روح گردانی نہیں کرسکیں گا پاکستان کو ایشین قوت بنانے والا لیڈر نواز شریف ہے پاکستان کو انشاء اللہ ایشیئن ٹائیگر نواز شریف بنائے گا اور (ن) لیگ اپنے قائد پر فخر کرتی۔

شال بقیہ 68

پی اوایس بلوچ اور ڈپٹی کمشنر طارق جاوید مینگل کی ذاتی دلچسپی رہی ہیں جس پر عوام نے ان کا شکریہ ادا کیا احساس رجسٹریشن سینٹر پی اینڈ آر آفس کے قریب کھولا گیا۔

شال بقیہ 69

تیسرا آل بلوچستان کک باکسنگ چیمپئن شپ 2020 کا افتتاح تقریب کے مہمان خصوصی سیکرٹری سپورٹس ویوتھ افیئرز بلوچستان عمران گچکی کی موجودگی میں کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل کھیل بلوچستان، بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن صدر ملک افضل اعوان، سیکرٹری شیر محمد ترین، ترجمان ایوب خلجی، ڈائریکٹر پی ایس بی کوئٹہ سینٹر عمران یوسف، قبائلی سیاسی رہنما محمود خان دمڑ، چیئرمین کک باکسنگ ایسوسی ایشن کے منصور درانی، صدر پاکستان کک باکسنگ ایسوسی ایشن سمیع اللہ بھی موجود تھے۔ 3 روزہ چیمپئن میں صوبے کے 11 اضلاع سے تعلق رکھنے والے 3 سو سے زائد کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔

شال بقیہ 70

پر ٹیکسی ٹریکٹر والوں وزیر احمد جھو عابد حسین ابڑو خیر بخش منجھو محمد ہاشم منجھو شیر محمد منجھو عابد حسین ابڑو رئیس شاہ محمد ارشاد احمد مغیری برکت علی رونگھا مولا بخش ہنگورجی قلندر بخش پہنور قادر بخش منجھو جمیل احمد مغیری محمد اسلم پہنور امیر بخش منجھو رئیس مصری خان کلس مولا بخش کلس محمد نواز جھکرانی علی نواز ابڑو خورشید احمد مغیری جعفر خان منجھو چاکر خان منجھو ودیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر موجود تمام ٹیکسی ٹریکٹر والوں نے باہمی مشاورت سے ٹیکسی ٹریکٹر والوں کے حقوق کی بالادستی اور کسی بھی مسئلے مسائل میں ایک دوسرے کی ہمدردی اور اتفاق اور اتحاد کیلئے نصیرآباد ٹیکسی ٹریکٹر یونین بنائی گئی جس کے لیئے تمام شرکاء کے اتفاق رائے سے میر محمد اکبر خان عمرانی کو سرپرست اعلیٰ منتخب کیا گیا جبکہ محمد مراد منجھو کو چیرمین، وزیر احمد منجھو صدر، اصغر علی پہنور نائب صدر، عابد حسین ابڑو جنرل سیکرٹری قلندر بخش پہنور فنانس سیکرٹری اور دین محمد منجھو انفارمیشن سیکرٹری منتخب کردیئے گئے۔

NOTICE INVITING TENDER

The Commissioner office Naseerabad Division invites / sealed bids / tenders from authorize dealers distributors having valid GST and NTN number for the procurement of furniture for the mentioned below:-Earnest Money 2 % Rs.30,000/- in shape of call deposit , Tender Fee (in shape of green challan form deposited in head of account RS.1000/- and completation on period 06 months for the work.

S.No.	Name of Work	E/Cost
01	Purchase / Supply Of Furniture & Equipments For Commissioner Office Naseerabad Division At Dera Murad Jamali. **TSE 178321.**	15,00,000/

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority Rules, 2014. ***Eligibility:-*** (i) The contractors must have registration with Tax authorities i.e. (NTN & Sales Tax department and BRA) firm must be active tax payer and not a defaulter of sales Tax .(ii) valid registration with Pakistan Engineering council in category who have deposited enlistment/ Renewal Fee for the Year 2020-21 in relevant discipline Code(iii) Minimum Five years assignment of value not less the estimated cost and turnover of value than the estimated cost, bidder must have completed similar supply items and produce its work orders, satisfactory completion certificate issued by the executing agency (iv) Financial Capabilities / Turn-over of Last Three Year.***Method of Procurement:-*** Single Stage, Two Envelope Procedure.***Bid Security:-*** The Bid Must accompany bid security in the form of call deposit of amount specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank.***Biding / Tender Documents:-*** ***Tender Documents***:The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned upon payment (non refundable) bidding documents fee mentioned above through green challan (the NIT and bidding documents can also be downloaded from www.bppra.gob.pk under TSE No. given above against each scheme.***ISSUANCE:-*** The tender documents will be issued from the date of publication of this NIT upto ***09-11-2020*** at 02:00 pm during office hours. ***SUBMISSION:-*** Last date for submission of documents from advertisement published in newspapers upto ***10- 11-2020*** at 11:00 (A.M).***OPENING:-***The technical bids will be opened on ***10-11-2020*** at 01:00 (P.M) and envelope containing the financial Proposal will be opened after evaluation of Technical Qualified bidders on ***10-11-2020*** at 2:00 (P.M)***Place of Issuance, submission, inquiries and opening will be Address:-***The Commissioner Office Naseerabad Division.TELEPHONE NO:- 0838-710500. E-Mail Address:commssioner.naseerabad@gmail.com F a x No. 0838-710730.***bid Validity Period:***Ninety (90 days).terms & Conditions:- Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents. A procuring agency may cancel the bidding process at any time prior to acceptance of bid or proposal, as per provision in BPRRA, rule 2014.

COMMISSIONER
NASEERABAD DIVISION

PRQ No.947/22-10.2020

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION IN DATE OF SUBMISSION AND OPENING.

It is to notify that various development works were published in daily newspaper ***PRQ NO 858/12-10-2020*** and uploaded in BPPRA website wherein the date of submission & opening of same tenders were fixed on ***28th October, 2020*** is hereby Postponed due to unavoidable circumstances while other terms & conditions are same now the next date of submission and opening of tender is hereby extended / rescheduled as under.Date of Submission of tender: 9-11-2020 at 12.00 pm.Other terms & conditions will remain same.

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
KALAT.

PRQ No.950/22-10.2020

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily SHAL Quetta

4

24 اکتوبر 2020ء

روزنامہ شال کوئٹہ

صوبائی وزیرداخلہ میر ضیاء اللہ لانگو امن وامان کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کیسکو کی نادہندگان اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی

سوراب، گدر اور علی زئی کے علاقوں میں 20 نادہندگان جبکہ 4 غیر قانونی ٹرانسفارمر اتار دیئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی نادہندگان اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائیاں جاری ہے اس سلسلے میں کیسکو خضدار سرکل کے تحت ایکسین سیف اللہ کی سربراہی میں کیسکو سوراب سب ڈویژن کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 4 نادہندگان کے ٹرانسفارمر بلوں کی عدم ادائیگی پر اتار دیئے نیز سب آفس گدر کی ٹیم نے بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

نجی اسکولوں کے معاملات سلجھنے کے بجائے مالکان کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے مزید الجھتے جارہے ہیں

خضدار (نامہ نگار) نجی اسکولوں کے معاملات سلجھنے کے بجائے مالکان کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے مزید الجھتے جارہے ہیں، اسکول مالکان طلباء سے پچاس فیصد فیس لیکر بھی اساتذہ کو تنخواہ دینے پر آمادہ نہیں ہیں، متاثرہ اساتذہ کا کہنا ہے کہ کرونا بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

ہمیں دین اسلام کی سربلندی کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا' یاسر خان بازئی

جشن عید میلاد النبی سے محبت اخوت و بھائی چارے امن کا پیغام ہمیں ملتا ہے

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا ہے کہ ہمیں دین اسلام کی سربلندی کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا جشن عید میلاد النبی سے محبت اخوت و بھائی چارے امن کا پیغام ہمیں ملتا ہے حضور سرور کونین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم فخر موجودات وجہ کائنات کی اسوہ حسنہ ہمارے لیے ایک بہترین مثال ہے۔جس پر چل کے ہمیں دین و دنیا دونوں کی کامیابی حاصل ہوسکتی ہے انہوں نے کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات رہتی دنیا تک تمام مذاہب اور تمام مسلک کے لیے ایک بہترین نمونہ ہے ان خیالات کا اظہار آج انہوں نے 12 ربیع الاول کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر اسماعیل مینگل، اے ایس پی زاہد ارسلان، ڈی ایچ او بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

انسانی صحت کے لیے محفوظ و متوازن خوراک انتہائی اہمیت کی حامل ہے

کوئٹہ (خ ن) انسانی صحت کے لیے محفوظ و متوازن خوراک انتہائی اہمیت کی حامل ہے، تعلیمی اداروں میں جدید تقاضوں کے مطابق صحت بخش خوراک کے تصور و فراہمی بارے آگاہی دینے کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم جاری ہے، مہم کا بنیادی مقصد اسکولوں اور انٹر کالجز میں تحفظ خوراک کے حوالے سے درپیش بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

اظہار رائے پر پابندی ملک کو جیل میں تبدیل کر دیا گیا ہے' لشکری رئیسانی

ریاستی نظام غاصبوں اور چور دروازے سے اقتدار پر قبضہ کرنے والوں کے ہاتھوں میں ہے

عوام گھٹن زدہ ماحول سے نکلنے کیلئے 25 اکتوبر کے جلسے عام میں جوق در جوق شرکت کریں' مرکزی رہنماء بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے ملک میں اظہار رائے پر پابندی عائد کر کے ملک کو جیل میں تبدیل کردیا گیا ہے ۔ ریاستی نظام غاصبوں اور چور دروازے سے اقتدار پر قبضہ کرنے والوں کے ہاتھوں میں ہے۔عوام گھٹن زدہ ماحول سے نکلنے کیلئے 25 اکتوبر کے جلسے عام میں جوق در جوق شرکت کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی رہنماؤں سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے 25 اکتوبر کو ہونے والے پی ڈیم اے کے جلسے کے حوالے سے عوامی رابطہ مہم بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) جنرل فضیل اصغر اور آئی جی پولیس محسن حسن بٹ الوداع کہہ رہے ہیں

پی ڈی ایم قوم کو مہنگائی اور بیروزگاری کا جھانسہ دے کر چور کرپٹ بچاؤ مہم چلا رہا ہے' مفتی شفیع الدین

اپنی بدعنوانیوں، منی لانڈرنگ، احتساب سے بچنے اور این آر او لینے کیلئے قومی اداروں سے جنگ لڑ رہے ہیں

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈوکیٹ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ و دیگر نے کہا کہ پی ڈی ایم قوم کو مہنگائی اور بیروزگاری کا جھانسہ دے کر چور کرپٹ بچاؤ مہم چلا رہا ہے اپنی بدعنوانیوں، منی لانڈرنگ، احتساب سے بچنے اور این آر او لینے کیلئے قومی اداروں سے جنگ لڑ رہے ہیں ماضی میں ان پاکستان ڈاکو موومنٹ نے ملک کی بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم خضدار میں شامل جماعتوں کے زیر اہتمام ایک موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی

خضدار (نامہ نگار) آج خضدار مین 25 اکتوبر کے جلسہ کی تیاریوں کے سلسلے مین پی ڈی ایم خضدار مین شامل جماعتوں کے زیراہتمام ایک موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت پی ڈی ایم کے ضلعی قائدین میر عبدالرحمن زہری مولانا عنایت اللہ رودینی عبدالحمید ایڈوکیٹ بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

عوام کو جذباتی نعروں سے ورغلانے کا دور گزر چکا، میر شفیق الرحمان مینگل

صوبے کی باشعور عوام دعوؤں پر مزید انحصار کے بجائے اب ترقی اور خوشحالی چاہتی ہے

سوراب (این این آئی) جھالاوان عوامی پینل کے قائد میر شفیق الرحمان مینگل نے کہا ہے کہ عوام کو جذباتی نعروں سے ورغلانے کا دور گزر چکا،صوبے کی باشعور عوام دعوؤں پر مزید انحصار کے بجائے اب ترقی اور خوشحالی چاہتی ہے،موروثی سیاست استحصال اور کرپشن کے سوا کچھ نہیں دے سکی، اقتدار میں نہ ہونے کے باوجود لوگوں کی معیار زندگی میں بہتری اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

قلات کے تمام پارٹی ورکرز اور سینئر رہنماؤں کا تہہ دل سے مشکور ہے' محمد عارف قلندرانی

منگچر (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے ضلعی صدر محمد عارف قلندرانی سینئر نائب صدر کامرید مختیار نیچاری جونیئر نائب صدر مقبول گل محمد شہی جنرل سیکرٹری پیر بخش مینگل ڈپٹی جنرل سیکرٹری حفیظ مینگل۔فنانس سیکرٹری اکرم بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

نصیر آباد میں ٹیکسی ٹریکٹر یونین کی بنیاد رکھی گئی

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد میں ٹیکسی ٹریکٹر یونین کی بنیاد رکھی گئی ڈیرہ مراد جمالی میں ٹیکسی ٹریکٹر والوں کی ایک اہم میٹنگ۔جس میں یونین کے حوالے سے پروگرام منعقد کیا گیا جس کے مہمان خاص بلوچستان عوامی پارٹی نصیر آباد کے رہنما میر محمد اکبر خان عمرانی تھے اس موقع بقیہ نمبر70 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے

25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کا جلسہ جمہوریت کی بحالی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا' نیشنل پارٹی لائرفورم

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی لائرفورم کے جاری ایک بیان میں کہا کہ 25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کا جلسہ جمہوریت کی بحالی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا بیان میں کہا کہ موجودہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے مہنگائی کرپشن اقرباء پروری عروج پر ہے سلیکٹڈ حکمرانوں کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں اداروں میں میرٹ نہ ہونے سے ادارے تباہی کی طرف گامزن ہیں ملک بھر کے سیاسی جماعتوں کا پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے جدوجہد خوش آئند ہے۔

انتظامیہ خورد و نوش اشیاء اور ضروریات زندگی کے چیزوں پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کرینگے' حافظ محمد قاسم کاکڑ

تاجر برادری گراں فروشی سے اجتناب کر کے عوام کو ریلیف پہنچانے کی کوشش کریں

زائد المیعاد خورد و نوش اشیاء بیچنے اور من مانے خرید و فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی

تمبو (آن لائن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا ہے کہ انتظامیہ خورد و نوش اشیاء اور ضروریات زندگی کے چیزوں پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کرینگے تاجر برادری گراں فروشی سے اجتناب کر کے عوام کو ریلیف پہنچانے کی کوشش کریں زائد المیعاد خورد و نوش اشیاء بیچنے اور من مانے خرید و فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا کہ زیادہ منافع خوری اور کاروبار میں دھوکہ بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

ہمیں جو ذمہ داری سونپی ہے ہم انکے امیدوں پر اترنے کی بھرپور کوشش کرینگے' رشید احمد مینگل

منگچر (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوی ایشن قلات کے ضلعی کابینہ کا اجلاس زیر صدارت حاجی رشید بلوچ منعقد ہوا۔ اجلاس میں قلات اور منگچر سے ضلعی کابینہ کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف ایجنڈا زیر بحث آئے۔ جبکہ جی ٹی اے بی کے ضلعی صدر حاجی رشید بلوچ چونکہ جی ٹی اے بی کے صوبائی آڈیٹر منتخب ہوئے تھے جس کے بعد ضلعی صدر جی ٹی اے قلات کا عہدہ خالی ہوا تھا اجلاس میں ضلعی صدر و دیگر کابینہ کی باہمی بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

جلسہ ان علاقے کے ساتھ ٹیسٹ ٹیوب صوبائی حکومت میں پسو پڑ گئے' حافظ حسین احمد

وزیر اعلیٰ کی طرح وزراء اور مشیران گرامی بھی 25 اکتوبر کا دن ''قرنطینہ'' میں گذاریں تاکہ ان کی پریشانی کم ہوسکے

چینی، گندم، ادویات، بجلی اور گیس کے بل اور اشیائے خوردنی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں اور غریب کی پہنچ سے باہر ہیں، سابق ممتاز پارلیمنٹرین

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان اور سابق ممتاز پارلیمنٹرین حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جلسہ عام کے اعلان کے ساتھ ٹیسٹ ٹیوب صوبائی حکومت میں پسو پڑ گئے ہیں، وزیر اعلیٰ جام کمال اپوزیشن کی طرف سے دیئے گئے ''تحریک'' کو امن امان کے نام پر تبدیل کر رہے ہیں جبکہ مشیر گرامی لیاقت شاہوانی اس ''تحریک'' بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

بی آئی ایس پی احساس رجسٹریشن کے نئے سینٹر کا افتتاح کر دیا گیا

چمن (آن لائن) بی آئی ایس پی احساس رجسٹریشن کے نئے سینٹر کا افتتاح کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق رجسٹریشن سینٹر کا افتتاح ڈپٹی کمشنر طارق جاوید مینگل اور نادرا آفیسر مقصود خان نے کیا چمن احساس رجسٹریشن کے نئے سینٹر کے قائم کرتے میں ڈی جی بلوچستان بی آئی ایس بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

تیسرا آل بلوچستان کک باکسنگ چمپئن شپ 2020 کا افتتاح کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) تیسرا آل بلوچستان کک باکسنگ چمپئن شپ 2020 کا افتتاح کردیا گیا۔گزشتہ روز ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں بلوچستان کک باکسنگ ایسوی ایشن کے زیر اہتمام بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

گوادر ڈسٹرکٹ پی ای او ڈاکٹر نوروز پولیو مہم کے حوالے سے لائن ڈیپارٹمنٹ افسران کو ٹریننگ دے رہے ہیں

تاریخ ساز جلسے کے خلاف افواہیں پھیلانے والی صوبائی حکومت خوفزدہ ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

عوام کی عظیم الشان شرکت مسند اقتدار پر قابض گروہ کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا مفتی محمد روزی خان حافظ مسعود احمد مفتی عبدالغفور مدنی میر سرفراز شاہوانی حافظ مجیب الرحمن ملاخیل حافظ سردار محمد نورزئی اور دیگر نے پی ڈی ایم کے زیر اہتمام 25 اکتوبر کو ہونے والے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے عوامی رابطہ مہم اور پی ڈی ایم جلسہ کیلئے استقبالی کیمپ میزان چوک، گوالمنڈی چوک، سٹلائٹ ٹاؤن، دارالہدیٰ مسجد بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

کاسی قومی اتحاد کے قیام کا مقصد قوم کی بلارنگ ونسل خدمت کرنا ہے' ارباب ناصر حیدر کاسی

اتحاد نے اپنے قیام کے سال کے دوران کئی اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں، چیئرمین کاسی قومی اتحاد

کوئٹہ (این این آئی) کاسی قومی اتحاد کے چیئرمین ارباب ناصر حیدر کاسی، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، پاکستان تحریک انصاف کے سردار زین العابدین خلجی اور اصلاحی امن کمیٹی کے چیئرمین غفار بدہ والا، چکلاک ویلفیئر سوسائٹی کے سربراہ ملک رشید کاکڑ نے کہا ہے کہ کاسی قومی اتحاد کے قیام کا مقصد قوم کی بلارنگ ونسل خدمت کرنا ہے اتحاد نے اپنے قیام بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

جشن عید میلاد النبی ﷺ کی خوشی میں میلاد کمیٹی کوئٹہ کے زیر اہتمام موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی

موٹر سائیکل ریلی علماء کرام کی قیادت میں جامع مسجد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن کوئٹہ سے نکالی گئی

کوئٹہ (این این آئی) جشن عید میلاد النبی ﷺ کی خوشی میں میلاد کمیٹی کوئٹہ کے زیر اہتمام موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی موٹر سائیکل ریلی میں مختلف تنظیمات اہلسنت کے سربراہان اور عوام اہلسنت نے شرکت کی، موٹر سائیکل ریلی علماء کرام کی قیادت میں جامع مسجد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن کوئٹہ سے نکالی گئی اور مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی منان چوک پہنچ کر جلسے میں تبدیل ہوگئی، جسے سے مفتی مختار حبیبی علامہ احمد رضا قمبرانی، علامہ بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 24 اکتوبر کو 132 کے وی ژوب اور مسافر پور گرڈ اسٹیشنز سے صبح 11 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت میں سرمایہ دار اپنے مفادات کا تحفظ کررہے ہیں، ناصر مسیح ایڈووکیٹ

حکومت نے ادویات کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ کر کے غریب عوام کو علاج معالجے سے بھی محروم کردیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے اقلیتی یونٹوں کا اجلاس مرکزی اقلیتی رہنما جے یو آئی ناصر مسیح ایڈووکیٹ کی زیرصدارت منعقد ہوا اجلاس میں جے یو آئی کے تمام اقلیتی یونٹوں کے امراء اور ناظمین عموی نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہے ہیں' سہیل انور ہاشمی

محکمہ صحت ہرنائی اور پی پی ایچ آئی عوام کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی اور ممکن بنائے

ہرنائی (آن لائن) عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، محکمہ صحت ہرنائی اور پی پی ایچ آئی عوام کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی اور ممکن بنائے۔ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر سہیل انور ہاشمی نے پی پی ایچ آئی آفس میں ایک بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے اعجاز سنجرانی ملاقات کررہے ہیں

کسی بھی شعبہ علم یا روزگار میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ترقی کی منزلیں طے کی جاسکتی ہیں' فضل احمد قریشی

جدید زرعی ٹیکنالوجیز اپنائے بغیر ملک کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا ہے

سبی (این این آئی) محکمہ زراعت آن فارم واٹر مینجمنٹ ضلع سبی کے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر فضل احمد قریشی نے کہا کہ جدید زرعی ٹیکنالوجیز اپنائے بغیر ملک کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا ہے کیونکہ موجودہ صدی سائنس وٹیکنالوجی شعور و آگاہی کی صدی ہے کسی بھی شعبہ علم یا روزگار میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ترقی کی منزلیں طے کی جاسکتی ہیں انہوں نے کہا کہ اس سال محکمہ زراعت آن فارم واٹر مینجمنٹ نے علاقے میں ٹنل فارمنگ، ہائی ایفیشنسی سسٹم بقطراتی نظام آبپاشی ترقی دادہ اقسام کے بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

ایک پارٹی کی خودساختہ لیڈر صاحبہ اور ایک پرچی لیڈر قوم کو ورغلا رہے ہیں، نظر زدران

قوم کے جذبات سے کھیل رہے ہیں ان سازشی ٹولوں کو صرف اپنے مفادات عزیز ہیں ملک اور قوم سے کوئی سروکار نہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سینئر رہنما نظر زدران نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم میں شامل قوم پرست اور مذہب پرست جماعتوں نے اپنے دور اقتدار میں صرف اپنے خاندان کو پروموٹ کیا عوام اور صوبے کے لئے کوئی ترقیاتی کام نہیں کئے ،ایک پارٹی کی خودساختہ لیڈر صاحبہ اور ایک پرچی لیڈر قوم کو ورغلا رہے ہیں اور قوم کے جذبات سے کھیل رہے ہیں ان سازشی ٹولوں بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

جلسہ حقیقی تبدیلی کیخلاف جاری تحریک کا اہم سنگ میل ثابت ہوگا' اصغر اچکزئی

ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی، پارلیمنٹ کی بالادستی، آئین اور قانون کی حکمرانی تک عوامی مسائل حل ہوسکتے ہیں

پارٹی عہدیداران، ذمہ داران اور کارکن جلسہ عام میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں گے، مشترکہ اجلاس سے خطاب

صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی، پارلیمنٹ کی بالادستی، آئین اور قانون کی حکمرانی تک عوامی مسائل حل ہوسکتے ہیں اور نہ ہی ہم ترقی کرسکتے ہیں اب وقت آگیا ہے کہ سلیکٹڈ حکمرانوں کو گھر کی راہ دکھائی جائے، پی ڈی ایم جلسہ حکومت کے خلاف جاری تحریک کا اہم سنگ میل ثابت ہوگا، پارٹی عہدیداران، ذمہ داران اور کارکن جلسہ عام میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی کے صوبائی دفتر باچاخان مرکز کوئٹہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی عہدیداران، ضلع کوئٹہ کابینہ، پشتون ایس ایف اور نیشنل یوتھ آرگنائزیشن کے صوبائی عہدیداران کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

غلام علی بلوچ کو سیکرٹری محکمہ بلڈنگ تعینات کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) غلام علی بلوچ کو سیکرٹری محکمہ بلڈنگ تعینات کردیا گیا، جمعہ کو چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق تعیناتی کے منتظر غلام علی بلوچ کو سیکرٹری محکمہ بلڈنگ تعینات کردیا گیا ہے۔

نبی ﷺ سر سے پاں مبارک تک ایسے حسین وجمیل تھے کہ جس کی کوئی مثال نہیں ملتی، مولانا محمد الیاس قادری

حضرت یوسف علیہ السلام خوبصورت تھے اور اللہ پاک کے آخری نبی ﷺ ان سے بھی کئی گنا بڑھ کر حسین وجمیل تھے

حضرت یوسف علیہ السلام کو حسن کا ایک جزو ملا جبکہ رسول پاک ﷺ کو حسن کل عطا کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ اللہ کے آخری نبی ﷺ سر سے پاں مبارک تک ایسے حسین وجمیل تھے کہ جس کی کوئی مثال نہیں ملتی، حضرت یوسف علیہ السلام خوبصورت تھے اور اللہ پاک کے آخری نبی ﷺ ان سے بھی کئی گنا بڑھ کر حسین وجمیل تھے، حضرت یوسف علیہ السلام کو حسن کا ایک جزو ملا جبکہ رسول پاک ﷺ کو حسن کل عطا کیا گیا،سورج ،چاند اور ستارے پیارے آقا ﷺ کے نور سے خیرات لے کر بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے جلسہ عام میں بھرپور انداز میں شرکت کریں گے' ڈاکٹر مالک بلوچ

مہنگائی و بیروزگاری کا جن قابو سے باہر ہے عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول تک ناممکن ہوگیا ہے

بلوچستان کے غیور و جرات مند عوام حق و انصاف، جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے ساتھ کھڑے ہیں' سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کلی شابو میں سیاسی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 25 اکتوبر کو بلوچستان کے عوام پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے عظیم الشان جلسہ عام میں بھرپور انداز میں شرکت کر کے یہ ثابت کریں گے کہ بلوچستان کے غیور و جرات مند عوام حق و انصاف، جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے ساتھ کھڑے ہیں۔انھوں نے کہا کہ بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل سے اراکین صوبائی اسمبلی نصراللہ زیرے اور میر اکبر مینگل اسمبلی اجلاس کے اختتام پر بات چیت کررہے ہیں

ایس ایچ او پولیس تھانہ سکندر سعید عمرانی ایک بہترین آفیسر ہیں' میر زوہیب حسین عمرانی

نصیر آباد (نامہ نگار) عمرانی قومی اتحاد پاکستان کے قائد میر زوہیب حسین عمرانی نے کہا کہ ایس ایچ او پولیس تھانہ سکندر سعید عمرانی ایک بہترین آفیسر ہیں پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی ایس ایچ او سکندر سعید عمرانی کی علاقے میں امن وامان کی بہتری اور قیام امن میں بہترین قردار ادا کیئے ہیں انھوں نے کہا کہ سکندر سعید عمرانی کی شخصیت ایس ایچ او تعیناتی سے علاقے میں بہترین کارکردگی بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

ایس پی قلات کی خالی نشست پر جلد از جلد تعیناتی عمل میں لائی جائے، عوامی حلقے

ڈسٹرکٹ سوراب ایس پی کو ذمہ داری سونپنا قلات کے سینئرز پولیس آفیسران کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے

قلات (این این آئی) ایس پی قلات کی خالی نشست پر جلد از جلد تعیناتی عمل میں لائی جائے ڈسٹرکٹ سوراب ایس پی کو ذمہ داری سونپنا قلات کے سینئرز پولیس آفیسران کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے قلات کے عوامی حلقوں نے آئی جی پولیس ڈی آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ قلات میں ایس ایس پی عبدالحق عمرانی کے تبادلے کے بعد اضافی چارج ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سوراب کو دیا گیا ہے جو کہ انتظامی امور ایک آفیسر کے لیے انتہائی مشکل ہے لہذا قلات کے عوامی حلقوں نے ارباب اختیار سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ قلات میں ایس پی کے پوسٹ پر قلات میں کام کرنے والے سینئر پولیس بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت بھی اپوزیشن کے نقش قدم پر چل رہا ہے' میر مبارک خان محمد حسنی

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی قاری رحمت اللہ نقشبند میر شیر محمد رودنی ڈاکٹر سراج احمد شاہوانی قاضی بشیر احمد سربازی حافظ عبدالمجید نیچاری نے نظریاتی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقتدار میں رہنے والے اپوزیشن کے لیڈران نے اپنے دور اقتدار میں ملک کو پسماندہ بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی کے قول وفعل میں تضاد آرہا ہے، لالا سلطان قریشی

میرے دل اور دماغ پر عمران خان کی حکمرانی ہے لہذا میں نے پیپلز پارٹی کو خیر آباد کہہ دیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) سابق جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی لالا سلطان قریشی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے قول وفعل میں تضاد آرہا ہے میرے دل اور دماغ پر عمران خان کی حکمرانی ہے لہذا میں نے پیپلز پارٹی کو خیر آباد کہہ دیا ہے،عوام عمران خان کے ہاتھ مضبوط کریں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ضلع کوئٹہ میں تنظیم کو شدید نقصان پہنچایا گیا ہے ایک سال تک پارٹی کے ذمہ داروں کو سمجھایا لیکن بدقسمتی سے انہوں نے سنجیدگی نہیں دکھائی جس کے بعد میں نے فیصلہ کیا ہے کہ میں جھوٹ کی سیاست کے ساتھ مزید نہیں چل سکتا۔

مدرسہ تفہیم القرآن خضدار کے زیر اہتمام محسن انسانیت کانفرنس یکم نومبر کو خضدار میں منعقد ہوگی

خضدار (نامہ نگار) مدرسہ تفہیم القرآن خضدار کے زیر اہتمام محسن انسانیت کانفرنس یکم نومبر کو خضدار میں منعقد ہوگی، جس میں جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل لیاقت بلوچ سمیت دیگر قائدین خطاب کریں گے۔اس بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ جنرل ثاقب خان کاکڑ 25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کے جلسے کی انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

افغانستان میں اب طالبان کی حکومت ہوگی' مولانا عبدالقادر لونی

مجاہدین اسلام نے مصنوعی سپر پاور امریکہ کو زیر و بنا دیا اب افغانستان سے اپنا بوریا بستر لپیٹ کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی مولانا عبدالغفور مولانا عبدالاحد مولوی موسیٰ جان و دیگر مشرقی بائی پاس میں شہدا اسلام کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجاہدین اسلام نے مصنوعی سپر پاور امریکہ کو زیر و بنا بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

سبی بائی پاس پر البلد ہوٹل کے افتتاح، شاندار تقریب کا انعقاد

سبی (این این آئی) سبی بائی پاس پر البلد ہوٹل کے افتتاح، شاندار تقریب کا انعقاد ،قبائلی شخصیت ،آفیسران ،سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں ،قانون دان ،صحافیوں بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

عوام نے پی ڈی ایم کی نام نہاد تحریک کو مسترد کردیا ہے' سردار نصیب اللہ کبزئی

ملک کو لوٹنے والے اب پی ڈی ایم کے نام پر عوام کو ورغلانے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہے

ژوب (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق جنرل سیکرٹری علاقہ کبزئی سردار نصیب اللہ کبزئی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کو لوٹنے والے اب پی ڈی ایم کے نام پر عوام کو ورغلانے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہے انہوں نے کہا کہ نواز شریف بچوں سمیت لندن میں زندگی کی مزے لے رہے ہیں جبکہ پاکستان میں اپنی کرپشن کو چھپانے کے لئے بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں دوسرے روز بھی نان بائیاں کا ہڑتال جاری

نان بائیان کی جانب سے دوسرے روز بھی ہڑتال جاری رہا جس کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے

روٹی کی قیمت 20 روپے سے بڑھا کر تین سو بیس گرام روٹی کا نرخ 30 روپے مقرر کیا جائے' مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں دوسرے روز بھی نان بائیان کا ہڑتال، تندور بند ہونے سے مسافروں ،طلباء وطالبات کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں نان بائیوں نے روٹی کی قیمت بڑھانے کے لیے ہڑتال کرتے ہوئے شہر کے تمام تندور بند کر دیے ہیں ،نان بائیان کی جانب سے دوسرے روز بھی ہڑتال جاری رہا جس کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

جب تک ووٹ کو عزت دو کا نعرہ کو مقدس نہیں سمجھا جائے گا اس وقت تک بات آگے نہیں چلے گی' رحیم کاکڑ

ووٹ کو عزت دو کا نعرہ آخری سمجھ کر قبول کرنا ہوگا کیونکہ اس وقت پاکستان کا مستقبل مسلم لیگ (ن) سے وابستہ ہوچکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میر رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری نسیم الرحمان، جنرل سیکرٹری کوئٹہ جاوید اقبال، جنرل سیکرٹری پشتین میروائس کاکڑ ایڈووکیٹ ،صدر تحصیل نانا صاحب شاہ مسعود کاکڑ ،صدر تحصیل بوستان ملک اختر ارباب اقبال، ذاکر ہنگوری، آصف حریفال ،شہباز، دین محمد، ملک فرید نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ جب تک ووٹ کو بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

ملک ایک بحرانی صورتحال کے دلدل میں پھنستا چلا جارہا ہے' عالمگیر مندوخیل

آمرانہ قوتیں پس پردہ تمام سول اداروں پر اپنا غلبہ بٹھائے رکھی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے چیئرمین عالمگیر مندوخیل، ڈپٹی چیئرمین مزمل خان کاکڑ اور ممبر معصوم خان میرزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی جانب سے منعقدہ جلسے کے حوالے سے اپنا موقف پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک ایک بحرانی صورتحال کے دلدل میں پھنستا چلا جارہا ہے۔ آمرانہ قوتیں پس پردہ تمام سول اداروں پر اپنا غلبہ بٹھائے رکھی ہیں۔

افغان میں افغانیوں کو اپنے معاملات کو خود حل کرنا ہوگا' ترجمان تنظیم اسلامی

کسی بھی دوسرے ملک بشمول پاکستان کو ان کے معاملات میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان تنظیم اسلامی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ افغان میں افغانیوں کو اپنے معاملات کو خود حل کرنا ہوگا اور کسی بھی دوسرے ملک بشمول پاکستان کو ان کے معاملات میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے افغان طالبان نے انڈیا کیخلاف جہاد کا اعلان کیا ہے کیا یہ امریکہ طالبان امن معاہدے کی خلاف ورزی نہیں ہوگی امریکہ نے معاہدے کیخلاف بعد اس کی کیخلاف ورزی میں اقدامات شروع کردیئے تھے

خاتون اول ثمینہ عارف علوی سے سوشل ایکٹیوسٹ ثریا آلہ دین گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کررہی ہیں اس موقع پر بیگم گورنر بلوچستان ڈاکٹر ثمینہ امان بھی موجود ہیں